وكان عثمان قد نَمى إليه أن شيئًا من ذلك الخلافِ يُحدث لِمن يُقرئون الصبية، فينشأ هؤلاء وبينهم من الاختلاف ما بينهم. فأكبَر الصحابة هذا الأمر مخافةَ أن يَنجُمَ عنه التحريفُ والتبديل. وأجْمعوا أمرَهم أن ينسِخوا الصُحُفَ الأُولى التِي كانت عند أبي بكر. ويَجمعوا الناسَ عليها بالقراءات الثابتَةِ على حرف واحد، فأرسل عثمان إلى حفصةَ، فأرسلت إليه بتلك الصحفِ. ثُم أرسل إلى زيد بن ثابت الأنصاري، وإلى عبد الله بن الزبيْر، وسعيد بن العاص، وعبد الرحْمن بن الحارث بن هشام القرشيين، فأمَرَهم أن ينسخوها في المصاحِف....

التفسيْرُ والتأويل

القرآن الكريم هو مصدَر التشريعِ الأوّل للأمة الْمحمدية. وعلى فقهِ معناه ومعرفةِ أسراره والعمل بما فيه تتوقّف سعادتُها. ولا يستوي الناسُ جَميعًا في فهم ألفاظِه وعباراتِه مع وُضوحِ بيانِه وتفصيل آياته. فإنّ تفاوُتَ الإدراك بينهم أمرٌ لا مِراءَ فيه. فالعامي يُدرِكُ من المعانِي ظاهِرَها ومن الآيات مُجمَلَها. والذكي الْمُتعلِّم يستخرِجَ منها المعنَى الرائعَ. وبين هذا وذاك مراتِبُ فهم شَتّٰى، فلا غروَ أن يَجِدَ القرآن من أبناء أمَّتِه اهتمامًا بالِغًا في الدراسة لتفسيْرِ غريب، أو تأويلِ تركيب.

شروطُ الْمُفسِّرِ وآدابه

وقد ذكر العلماء للمفسر شروطًا نُجمِلها فيما يأتِي:

1– صِحَّةُ الاعتقاد: فإن العقيدة لها أثرُها في نفس صاحبِها، وكثيْرًا ما تحمِل ذويُّها على تَحريف النصوص والخِيانةِ في نقل الأخبار. فإذا صنفّ أحدُهم كتابًا في التفسير أوَّلَ الآياتِ التِي تُخالِفُ عقيدتَه، وحَمَّلها باطلَ مذهبه، لِيَصُدَّ الناسَ عن اتِّباع السلَف، ولُزوم طريق الهُدى.

2– التجرُّد عن الهَوى: فالأهواء تدفَعُ أصحابَها إلى نُصرة مذهبهم، فيُغرّون الناس بلينِ الكلام ولَحن البيان كَدَأبِ طوائفِ القدرية والرافضة والمعتزلة ونَحوهم من غُلاة المذاهب.

3– أن يبدأ أولًا بتفسير القرآن بالقرآن، فما أُجْمِلَ منه في موضع فإنه قد فُصِّل في موضع آخَرَ، وما اختُصر منه في مكان فإنه قد بُسِطَ في مكان آخر.

4– أن يطلب التفسير من السُّنَّة، فإنّها شارحةٌ للقرآن مُوَضِّحة له. ..

5– فإذا لم يَجدِ التفسير من السُّنَّة رجع إلى أقوالِ الصحابة فإنّهم أدرٰى بذلك لِما شاهَدُوه من القرائن والأحوالِ عند نُزولِه. ولِما لهم من الفهم التامِّ، والعلم الصحيح، والعملِ الصالح.

لا مِراءَ	کوئی اختلاف نہیں	لا غروَ	کوئی حیرت کی بات نہیں	غُلاة	انتہا پسند لوگ

6- فإذا لم يَجدِ التفسير في القرآن ولا في السُّنَّة ولا في أقوالِ الصحابة، فقد رجَع كثيْرٌ مِن الأئمة في ذلك إلى أقوال التابعين، كمجاهد بن جبر، وسعيد بن جبير، وعكرمة مولى ابن عباس، وعطاء بن أبي رباح، والحسن البصري، ومسروق بن الأجدع، وسعيد بن المسيب، والربيع بن أنس، وقتادةَ والضحاك بن مزاحم، وغيرِهم من التابعين، ومن التابعين مَن تلَقّٰى جَميعَ التفسيرِ عن الصحابة. وربّما تكلّموا في بعض ذلك بالإِستِنباط والاستدلال. والْمُعتمَدُ في ذلك كلِّه النقلُ الصحيح، ولهذا قال أحْمدُ: 'ثلاث كتُبٍ لا أصلَ لها: الْمغازي، والملاحَم، والتفسير.' يعنِي بِهذا: التفسيْرُ الذي لا يعتَمِد على الروايات الصحيحة في النَّقل.

7- العلم باللغة العربِية وفُروعِها: فإنَّ القرآن نزل بلسان عربِي، ويتوقّف فهمُه على شرح مفرداتِ الألفاظ ومدلولاتِها بِحسب الوضع. قال مجاهدٌ: 'لا يحِلُّ لأحد يؤمن بالله واليوم الآخِر أن يتكلّم في كتاب الله إذا لم يكن عالِمًا بِلُغات العرب.'

والْمعانِي تَختلف باختلافِ الإعراب. ومِن هِنا مَسَّتِ الحاجةُ إلى اعتبار علم النَّحو. والتصريفِ الذي تُعرَف به الأبنِيَةُ، والكلِمة الْمُبهمة يتّضح معناها بِمصادرِها ومُشتقَّاتِها. وخواصُّ تركيبِ الكلام من جهة إفادتِها المعنَى. ومن حيث اختلافها بِحسب وضوحِ الدلالة وخفائِها. ثم من ناحيةِ وجوهِ تحسين الكلام. وهي علوم البلاغة الثلاثةِ: الْمعانِي والبيان والبديع، من أعَظمِ أركان المفسِّر. إذ لا بُدَّ له من مُراعاةِ ما يقتضيه الإعجاز، وإنما يُدرَك الإعجازُ بِهذه العلوم.

8- العلم بأصولِ العلوم الْمتَّصِلة بالقرآن، كعلم القراءات؛ لأن به يُعرف كيفيةُ النُطق بالقرآن. ويُترَجَّح بعضُ وجوهِ الاحتمال على بعض، وعلمِ التوحيد، حتى لا يُؤَوِّل آياتِ الكتاب التِي في حق الله وصفاته تأويلًا يتجاوَز به الحقّ. وعلمِ الأصول، وأصولِ التفسير خاصة مع التعمّق في أبوابه التِي لا يتضح المعنَى ولا يستقيم المراد بدونِها، كمعرفة أسباب النُزول، والناسخ والمنسوخ، ونحو ذلك.

9- دقّةُ الفهم التِي تُمكن المفسر من ترجيحِ معنى على آخَرَ، أو استنباط معنى يتَّفِق مع نصوص الشريعة.

آج کا اصول: لفظ 'قد' کو جب اسے فعل ماضی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے تو یہ اسے 'ماضی قریب' کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے قَدْ نَصَرْتُهُ (میں نے ابھی تو اس کی مدد کی ہے)۔

آداب الْمُفسِّر

1– حسنُ النيَّة وصحة المقصَد: فإنما الأعمال بالنيات، والعلومُ الشرعية أَولٰى بأن يكون هدفُ صاحبِها منها الخيْرَ العامَ، وإسداءَ المعروف لصالح الإسلام، وأن يتطهَّرَ من أعراض الدنيا ليُسدِّد اللهُ خُطاه، والانتِفاع بالعلم ثَمرةَ الإخلاص فيه.

2– حسن الخُلُق: فالْمفسِّر في موقِف الْمُؤدِّب، ولا تبلغ الآداب مبلغها في النفس إلا إذا كان الْمؤدِّب مثالًا يُحتَذٰى في الخُلُق والفضيلة. والكلمة النابيةُ قد تصرِف الطالبَ عن الاستفادة مِما يسمع أو يقرأ وتقطَع عليه مَجرى تفكيْره.

– الامتثال والعمل: فإن العلمَ يَجِدُ قبولًا من العامِلين أضعافَ ما يَجد من سُمُوِّ معارفِه ودِقَّة مباحثه.

– وحُسن السيرة يَجعل المفسِّرَ قُدوَةً حسنة لما يقرره من مسائل الدين، وكثيرًا ما يصُد الناسَ عن تلقِّي العلمِ مِن بَحر زاخِرٍ في المعرفة لسُوءِ سُلوكه وعدم تطبيقِه.

4– تَحَرِّي الصِدقَ والضبط في النقل: فلا يتكلَّم أو يكتب إلا عن تثبت لِما يرويه حتّى يكون في مأمن من التصحيف واللَّحن.

5– التواضُع ولِيْنُ الجانب: فالصَّلَف العلمي حاجز حصينٌ يَحُول بين العالِم والانتفاع بعلمه.

6– عزة النفس: فمن حق العالِم أن يترفعَ عن سفاسفِ الأمور، ولا يغشى أعتابُ الجاه والسلطان كالسائل المتكفف.

7– الجهر بالحق: فأفضل الجهاد كلمةُ حق عند سلطان جائر.

8– حسن السمت: الذي يُكسب المفسِّر هيبةً ووقارًا في مظهَره العام وجلوسه ووقوفه ومشيته دون تكلّف.

يُحتذى	اس کو آئیڈیل سمجھا جائے	عدم تطبيق	عمل نہ کرنا	اللَّحن	گرامر کی غلطی
النابِيَةُ	قابل نفرت	التصحيف	پڑھنے یا سننے میں غلطی	المتكفِّف	بھکاری

9- الأناة والروية: فلا يسرد الكلام سردًا بل يفصّله ويُبين عن مَخارجِ حُروفِه.

10- تقديمُ من هو أَولى منه: فلا يتَصَدّى للتفسيْر بِحضرتِهم وهم أحياءٌ، ولا يغمِطُهم حقَّهم بعد الممات، بل يُرشِد إلى الأخذ عنهم وقراءة كُتبهم.

11- حسن الإعداد وطريقة الأداء: كأن يبدأ بذكر سببِ النُزول – ثُم معانِي المفرداتِ وشرحِ التراكيب وبيان وجوه البلاغة والإعراب الذي يتوقَّفُ عليه تَحديدُ المعنَى. ثم يبيّن المعنَى العام ويصِلُه بالحياة العامة التِي يعِيشُها الناسُ في عصره، ثم يأتي إلى الاستنباط والأحكام. أما ذكر المناسَبة والربط بين الآيات أولًا وآخِرًا فذلك حسب ما يقتضيه النظمُ والسياقُ.

طبَقاتُ الْمفسّرين

نستطيع أن نقسِمَ طبقاتِ المفسرين على النَّحو التالي:

1- المفسرون من الصحابة: واشتَهَر منهم الخلفاءُ الأربعةُ، وابن مسعود، وابن عباس، وأُبَيُّ بن كعب، وزيد بن ثابت، وأبو موسى الأشعري، وعبد الله بن الزبير، وأنس بن مالك، وأبو هريرةَ، وجابرٌ، وعبد الله بنُ عمرو بنِ العاص رضي الله تعالى عنهم أجْمعين. وأكثر من رُوِي عنه من الخلفاء الأربعة علي بن أبي طالب، والرواية عن الثلاثة نَزِرَةٌ جدًّا، وكان السبب في ذلك تقدُّمُ وفاتِهم، كما أن ذلك هو السبب في قلّة رواية أبِي بكر رضي الله عنه.

فقد رَوَى مَعمَرٌ عن وَهب بن عبد الله عن أبي الطفيل قال: شهِدتُّ عليًّا يَخطُب وهو يقول: 'سَلُونِي، فوالله، لا تسألونِي عن شيء إلا أخبَرتُكم، وسلونِي عن كتابِ الله .فوالله ما من آية إلا وأنا أعلمُ أَبِلَيل نزلتْ أم بنهار، أم في سَهل أم في جبَل.'

وأما ابن مسعود فرُوِي عنه أكثرُ مما رُوِي عن علي، وقد أخرج ابن جرير وغيرُه عنه أنه قال: 'والذي لا إله غيره ما نزلت آيةٌ من كتاب الله إلا وأنا أعلم فيمن نزلت، وأين نزلت، ولو أعلم مكانَ أحد أعلمَ بكتاب الله مني تَنالُه المطايا لأَتَيتُه.'..

2- المفسرون من التابعين: قال ابنُ تَيمِيَّةَ: 'أعلَمُ الناسِ بالتفسير أهلُ مكةَ؛ لأنهم أصحابُ ابنِ عباس كمجاهد، وعطاء بن أبي رباح، وعكرمة مولى ابن عباس، وسعيد بن جبير، وطاوس وغيرهم - وفي الكوفة أصحابُ ابن مسعود - وفي المدينة زيد بن أسلم الذي أخذ عنه ابنه عبد الرحْمن بن زيد، ومالكُ بن أنس.'

ومن أصحاب ابن مسعود علقمةُ، والأسود بن يزيد، وإبراهيم النخعي، والشعبي، ومن هذه الطبقة: الحسن البصري، وعطاء بن أبِي مسلم الخُراسانِيُّ، ومحمد بن كعب القُرَظِيُّ، وأبو العاليةِ رفيع بن مهران الرياحي، والضحاك بن مزاحم، وعطية بن سعيد العوفي. وقتادة بن دعامة السدوسي، والربيع بن أنس، والسدي - فهؤلاء قُدمَاء المفسرين من التابعين، وغالبَ أقوالِهم تلقّوها عن الصحابة.

3- ثُم بعدَ هذه الطبَقةِ: طبقة الذين صنّف كثيْرٌ منهم كتب التفاسيْرَ التِي تَجمع أقوال الصحابة والتابعين، كسفيان بن عيينة، ووكيع بن الجراح، وشعبة بن الحجاج، ويزيد بن هارون، وعبد الرزاق، وآدم بن أبي إياس، وإسحاق بن راهويه، وعبد بن حميد، وروح بن عبادة، وأبي بكر بن أبي شيبة، وآخرين.

4- ثُم بعد هؤلاء طبقاتٌ أُخرٰى: منها علي بن أبي طلحة، وابن جرير الطبري، وابن أبي حاتم، وابن ماجه، والحاكم، وابن مردويه، وأبو الشيخ بن حبان، وابن المنذر في آخرين، وكلُّها مُسنَدَة إلى الصحابة والتابعين وأتباعِهم، وليس فيها غير ذلك إلا ابن جرير فإنه يتعرّض لتوجيهِ الأقوال وترجيح بعضها على بعض والإعراب والاستنباط، فهو يفوّقها بذلك.

5- ثم انتصبَتْ طبقةٌ بعدهم: صنّفت تفاسيْرَ مشحونةً بالفوائد اللغوية، ووجوهِ الإعراب، وما أثَّر في القراءات بروايات مَحذوفةِ الأسانيد. وقد يُضِيف بعضُهم شيئًا من رأيِه، مثل أبي إسحاق الزجَّاج، وأبي علي الفارسي، وأبي بكر النقاش، وأبي جعفر النحَّاس.

6- ثُم ألَّف في التفسير طائفة من المتأخرين، فاختصروا الأسانيد، ونقلوا الأقوال بَتراءَ، فدخل مِن هِنا الدخيل، والتبَس الصحيحُ بالعليل.

7– ثم صار كلُّ مَن سَنحَ له قول يورده، ومَن خطَر ببالِه شيءٌ يعتَمِده، ثم ينقُل ذلك عنه مَن يَجيء بعدَه ظانًّا أن له أصلا، غير ملتفِتٍ إلى تَحريرٍ ما ورد عن السلَف الصالح. ومَن هم القُدوَة في هذا الباب – قال السيوطي: رأيتُ في تفسير قولِه تعالى: 'غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلا الضَّالِّينَ.' نَحوَ عشرةِ أقوال، مع أن الوارد عن النبِي صلى الله عليه وسلم وجَميع الصحابة والتابعين ليس غيرَ اليهود والنَّصارٰي. حتّى قال ابن أبي حاتم: لا أعلم في ذلك اختلافًا من المفسِّرين.

8– صنّف بعد ذلك قومٌ بَرَعُوا في شيء من العلوم. منهم مَن مَلَأَ كتابَه بِما غلب على طبعِه مِن الفَنِّ. واقتصر فيه على ما تَمَهَّر هو فيه، كأن القرآن أُنزِل لأجلِ هذا العلم لا غير، مع أن فيه تبيانُ كل شيء.

فالنحويُّ نراه ليس له هم إلا الإعراب وتكثيْر أوجُهِه الْمُحتَمِلة فيه، وإن كانت بعيدة وينقُل قواعد النحو ومسائله وفروعه وخلافياتِه كأبِي حيان في البحر والنهر.

والإخباري هَمّه القصصُ واستيفاؤه. والإخبار عمن سلَفَ سواءً أكانت صحيحة أو باطلة. ومنهم الثعالِبي.

والفقيه يكاد يسرِدُ فيه الفِقهَ جَميعًا، وربّما استطرَدَ إلى إقامة أدِلّة الفُروعِ الفقهية التِي لا تعلُّقَ لَها بالآية أصلًا والجواب على أدلة المخالفين، كالقرطبِي.

وصاحب العلوم العقلية، خصوصًا الإمام فخر الدين الرازي، قد ملَأَ تفسيرَه بأقوال الحكماءِ والفَلاسَفة، وخرج من شيء إلى شيء، حتّى يقضي الناظرُ العُجبَ مِن عدمِ مطابقَة المورِد للآية. قال أبو حيان في البحر: جَمع الإمام الرازي في تفسيرِه أشياءَ كثيرة طويلة لا حاجةَ بِها في علمِ التفسير ولذلك قال بعض العلماء: فيه كلُّ شيء إلا التفسيْر.

مطالعہ کیجیے! آخرت کی کامیابی کا انحصار کسی گروہ سے تعلق پر نہیں ہے۔
http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU02-0009-Attachment.htm

اسے پورا کرنا	استيفاؤه	وہ ماہر ہو گئے	بَرَعُوا	اس نے مناسب سمجھا	سَنحَ
وہ کہتا چلا گیا	استطرَدَ	وہ ماہر ہوا	تَمَهَّر	مثال، طریقہ	القُدوة

والْمبتَدِع ليس له قصدٌ إلا تَحريفَ الآياتِ وتسويِتِها على مذهبِه الفاسدِ، بِحيث أنه لو لاحَ له شاردة من بعيد اقتنَصَها، أو وجد موضِعًا له فيه أدنّى مجال سَارَعَ إليه.... وهكذا الشأن بالنسبة إلى الملحِدين وغيرهم.

9- ثم جاء عصرُ النَّهضَة الحَدِيثَةِ: فانتَحى كثيرٌ من المفسرين منحًى جديدًا، في العنايةِ بطلاوةِ الأسلوب، وحُسن العبارة، والاهتمام بالنواحي الاجتماعية، والأفكار المعاصِرة، والمذاهب الحديثة. فكان التفسير الأدبي الاجتماعي، ومن هؤلاء: محمد عبده، والسيد محمد رشيد رضا، ومحمد مصطفى المراغي، وسيد قطب، ومحمد عزة دروزة.

وللحافظ جلال الدين السيوطي المتوفى سنة 911 هجرية كتاب 'طبقات المفسرين' ذكر في مقدمته أنه سيتَناوَل المفسرين من الصحابة والتابعين وأتباعِ التابعين، والمفسرين من الْمحَدِّثين، وأهل السُّنَّة، والمفسرين من أهل الفِرَق كالمعتزلة والشيعة ونحوهم، ولكنه لم يتِمَّ، وبلَغَ عددُ التراجُم فيه 136 ترجَمة وهو مرتَّب على الحروف الهجائية.

وصنّف في طبقات المفسرين أيضًا الشيخ أبو سعيد صنع الله الكوزه كناني المتوفى سنة 980 هجرية. كما صنف فيها أحْمد بن محمد الأدنه وي من علماء القرن الحادي عشر. وللحافظ شَمس الدين محمد بن علي بن أحْمد الداودي المصري المتوفى سنة 945 هجرية كتابَه المشهورَ 'طبقات المفسرين' وهو أوفَى كتاب في موضوعِه بالمكتبة الإسلامية، استقصٰى فيه الداودي تراجُمَ أعلام المفسرين حتى أوائلَ القرن العاشر للهجرة، قال فيه حاجي خليفة في كشف الظُّنون: 'وهو أحسَنُ ما صُنِّفَ فيه'.

آج کا اصول: لفظ کم دو طرح استعمال ہوتا ہے: (۱) تعداد پوچھنا، اس صورت میں یہ 'کتنے؟' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ (۲) حیرت کے اظہار کے لئے، اس صورت میں یہ 'کتنے ہی!!' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ سوال کی مثال یہ ہے: قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا (اس نے کہا، 'میں کتنے دن رہا؟' پھر جواب دیا، 'میں ایک دن رہا۔')، كَمْ كُتُبٌ عِندَكَ (تمہارے پاس کتنی کتابیں ہیں؟)۔ حیرت کی مثال یہ ہے: كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ (کتنے ہی چھوٹے لشکر اللہ کے حکم سے بڑے لشکروں پر حاوی ہو جاتے ہیں!!!)، أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ قَرْنٍ (کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر دیا)، أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ (کیا وہ زمین میں نہیں دیکھتے کہ ہم نے اس میں ہر چیز کے کتنے ہی قابل احترام جوڑے پیدا کیے؟)۔

تسوِيَة	برابر کرنا	شاردة من بعيد	دور کی کوڑی لانا	اقتنص	اس نے دے مارا

تعمیر شخصیت
تخلیقی طرز فکر، عام لوگوں کے طریقے سے کچھ ہٹ کر سوچنے کا نام ہے۔

سبق 4B & 15B میں دور جاہلیت کی مشہور نظموں 'سبع معلقات' کے منتخب اشعار کا مطالعہ کریں گے۔ ان نظموں کی بلاغت کے باعث انہیں خانہ کعبہ کی دیوار کے ساتھ لٹکایا گیا۔ یہ مذہبی لٹریچر نہیں ہے۔ ان میں گھٹیا مضامین اور گندے اشعار بھی ملتے ہیں۔ مگر ان کی مدد سے قرآن مجید کے کچھ اسالیب کو سمجھ سکتے ہیں کیونکہ قرآن اسی زبان میں نازل ہوا جو عربوں کے خطیبوں اور شاعروں کی زبان تھی۔ کسی بھی چیز کی اعلیٰ کوالٹی کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب اس کا موازنہ گھٹیا کوالٹی کی پراڈکٹ سے کیا جائے۔ جب آپ عربی کے اعلیٰ ترین ادب کا موازنہ قرآن سے کریں گے تو آپ کو معلوم ہو گا کہ قرآن کس طرح بلاغت کا معجزہ ہے۔ اس کے علاوہ اس شاعری کو پڑھنے کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ہم دور جاہلیت کے عربوں کے ماحول اور زندگی کے بارے میں براہ راست معلومات حاصل کر لیتے ہیں۔ یہ معلومات بھی قرآن و سنت کے پیغام کو سمجھنے میں مدد دیتی ہیں۔ اس وجہ سے ہم اس شاعری کو پڑھنے پر مجبور ہیں۔

مُعَلَّقَةُ امرَئِ القَيسِ الطَوِيلِ بنِ حَجَرَ الكِندِي

اِمرَؤُالقیس (500 – 540CE) دور جاہلیت کے عظیم شاعروں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کا باپ بنو اسد کا سردار تھا۔ ایک ذمہ دار بیٹا بننے کی بجائے امرؤالقیس عیاشی میں پڑ گیا۔ وہ سیر و تفریح، شکار، رقص و سرود، شراب اور شاعری کا رسیا تھا۔ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ وہ تالابوں کے کنارے خوبصورت لونڈیوں کا رقص دیکھتا، شراب پیتا اور شاعری کیا کرتا۔ اس کی شاعری کا خاص موضوع عورت کا حسن ہے۔ اس وجہ سے اس کا نام ہی 'الملِک الضلیل' یعنی گمراہ بادشاہ پڑ گیا۔

بعض عربوں نے اس کے باپ کے خلاف بغاوت کر کے اسے قتل کر دیا۔ امرؤالقیس کو اب ہوش آیا۔ اس نے عیاشی چھوڑ دی۔ اس کے دشمنوں کو حیرہ کے بادشاہ کی حمایت حاصل تھی۔ یہ ایران اور عرب کے درمیان ایک بفر اسٹیٹ کی حیثیت رکھتی تھی۔ امرؤالقیس نے دشمنوں سے اپنا اقتدار چھیننے کے لئے رومی بادشاہ سے مدد مانگی۔ اس کے لئے اس نے قسطنطنیہ کا سفر بھی کیا۔ بادشاہ نے اس کے ساتھ ایک فوج بھیجی مگر موت نے اسے انقرہ کے قریب آ لیا۔ اس کی شاعری کی خصوصیات یہ ہیں:

۱۔ امرؤالقیس بہت سی تشبیہات، استعارے اور مجازی زبان استعمال کرتا ہے۔ بعض اوقات اس کی شاعری بہت پیچیدہ اور مشکل ہو جاتی ہے۔

۲۔ وہ محبوب خواتین کے حسن اور گھوڑوں کا سراپا کھینچنے کا ماہر ہے۔ خواتین کے بارے میں اس کی شاعری فحش ہے۔

۳۔ اس کی شاعری میں اعلیٰ درجے کی اولوالعزمی اور تخیل پسندی موجود ہے۔

مستشرق اے جے آربیری نے سبع معلقات کی شرح 'The Seven Odes' کے نام سے لکھی ہے۔ وہ اس نظم کی کہانی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ امرؤالقیس اپنی کزن عنیزہ کے عشق میں مبتلا ہو گیا۔ اس نے ہر ممکن کوشش کی مگر عنیزہ نے اسے لفٹ نہ کروائی۔ ایک مرتبہ ان کا قبیلہ سفر میں تھا۔ مرد آگے آگے جا رہے تھے اور خواتین کچھ پیچھے رہ گئی تھیں۔ امرؤالقیس بھی پیچھے رہ گیا۔ راستے میں ایک تالاب 'دارۃ جلجل' آیا۔ خواتین نے یہاں نہانے کا ارادہ کیا۔ جب وہ کپڑے اتار کر تالاب میں اتریں تو ان

شاعر صاحب نے موقع سے فائدہ اٹھا کر ان کے کپڑوں پر قبضہ کر لیا اور کہنے لگا: 'میں اس وقت تک تمہیں لباس نہ دوں گا جب تک تم برہنہ باہر نہ نکلو۔' انہوں نے انکار کر دیا اور تالاب میں بیٹھی رہیں۔ شام پڑ گئی۔ بالآخر انہیں نکلنا پڑا۔ جو بھی باہر نکلتی، امرؤ القیس اسے اس کا لباس دے دیتا۔ مگر عنیزہ اب بھی اندر ہی تھی۔ مجبور ہو کر وہ باہر نکلی تو اسے لباس ملا۔

خواتین نے شاعر کو بڑی لعنت ملامت کی۔ اب انہیں بھوک لگ رہی تھی۔ اب شاعر کو جوش آیا اور اس نے اپنی اکلوتی اونٹنی ان کے لئے ذبح کر دی۔ اس کے بعد انہوں نے جھاڑیاں اکٹھی کر کے آگ جلائی اور اس پر گوشت بھونا۔ خواتین کو بھی اب مزا آیا اور انہوں نے ایک دوسرے پر گوشت کی چربی اچھال کر کھیلنا شروع کر دیا۔ خوب عیاشی کر کے یہ لوگ وہاں سے نکلے۔ اب امرؤ القیس کے پاس سواری نہ تھی۔ چنانچہ یہ اچھل کر عنیزہ کی اونٹنی پر جا چڑھا۔ اس واقعے کو یاد کرتے ہوئے اس نے یہ نظم کہی۔ اس واقعہ کا حقیقی ہونا ضروری نہیں ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ سب شاعر کے تخیل ہی میں رونما ہوا ہو۔

یہاں ہم ہر شعر کو تین خانوں میں بیان کریں گے۔ پہلے میں شعر، دوسرے میں اس کا ترجمہ اور تیسرے میں تشریح۔

قِفا نَبْكِ مِنْ ذِكرَى حبيبٍ ومنْزِلِ ... بِسِقطِ اللِّوى، بينَ الدَّخُولِ، فحَوْمَلِ

ٹھہرو ٹھہرو! ہم محبوبہ اور اس کے گھر کی یاد میں دو آنسو ہی بہالیں جو کہ ریت کی پہاڑی کے کنارے، دخول اور حومل کے درمیان واقع ہے۔

قفا: یہ تثنیہ ہے۔ اس کے دو معانی ممکن ہے۔ (۱) میرے دو دوستو! رک جاؤ۔ یا پھر (۲) ٹھہرو ٹھہرو!۔ عربی ادب میں یہ اسلوب ہے کہ بات کو دوہرانے کے لئے تثنیہ یا جمع کا صیغہ استعمال کیا جاتا ہے خواہ مخاطب کوئی ایک ہی ہو۔ قرآن مجید میں ہے: **حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَ أَحَدَهُمُ ٱلْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ٱرْجِعُونِ**۔ یہاں جمع کا صیغہ **ارْجِعُونِ** : مجھے واپس بھیج! مجھے واپس بھیج! مجھے واپس بھیج! کے معنی میں ہے۔

سِقط : ریت کا آخری کنارہ۔ اللوى : بل دار۔ یعنی ریت کی پہاڑی۔ الدَّخُولِ، حَوْمَلِ : دو مقامات کے نام۔

فتُوضِحَ فالمِقْراةِ لم يَعفُ رَسْمُها ... لَما نَسجَتْها مِن جَنُوبٍ وشَمالِ

محبوبہ کا گھر توضح اور مقراۃ کے درمیان تھا۔ اس کے نشان ابھی نہیں مٹے کیونکہ اس پر جنوب اور شمال سے ہوا چلتی ہے۔

تُوضِحَ ، المِقْراةِ : دو مقامات۔ سقط اللوى چار جگہوں کے درمیان تھا۔ رَسْمُ : نشانات۔ نسج الريحين : متضاد سمتوں میں چلنے والی ہوائیں۔ محبوبہ کے گھر کے نشانات اس وجہ سے نہیں مٹے کہ اگر شمالی ہوائیں ان پر ریت بکھیر تیں تو جنوبی ہوائیں اس ریت کو واپس اڑا لے جاتیں۔ مجازی اعتبار سے شاعر نے اپنے متضاد جذبات کو شمالی و جنوبی ہواؤں سے تشبیہ دی ہے۔ اس کے دل میں محبوبہ کی جدائی اور اس کی محبت کے جذبات شمالی و جنوبی ہواؤں کی طرح ہیں جنہوں نے اس کی محبت کے نشانات کو اس کے دل میں تازہ رکھا ہوا ہے۔

تَرَى بَعَرَ الآرامِ في عَرَصاتِها ... وَقِيعانِها، كأنَّهُ حَبُّ فُلْفُلِ

تم اس کے (گھر کے) صحن اور باہر کی زمین پر سفید ہرن کی مینگنیاں دیکھتے ہو، گویا کہ وہ سیاہ مرچ کے دانے ہیں۔

بَعَرَ : مینگنیاں۔ **الآرامِ** : سفید ہرن۔ اس کا واحد رِئم ہے۔ یہ صحرا میں رہتا ہے۔ **عَرَصَاتِ** : صحن۔ اس کا واحد **عرصة** ہے۔ **قِيعانِ** : گھر کے باہر کی جگہ۔ اس کا واحد قاع ہے۔ چونکہ عنیزہ بھی خانہ بدوش قبیلے سے تعلق رکھتی تھی، اس وجہ سے وہ اپنے خاندان کے ساتھ چراگاہ اور پانی کی تلاش میں دوسری جگہ چلی گئی۔ شاعر کو اس کے گھر کے نشان دیکھ کر بہت دکھ ہوا۔ سفید ہرن کی مینگنیاں اس گھر کے ویران ہونے کا استعارہ ہیں۔ یعنی گھر اتنا ویران ہو گیا کہ سفید ہرن جیسے جنگلی جانور نے وہاں بسیرا کر لیا۔ ہرن کی مینگنیوں کو سیاہ مرچ کے دانوں سے تشبیہ نہایت ہی بدذوقی ہے۔

كأنّي غَداةَ البَينِ، يَومَ تَحَمَّلُوا ... لَدَى سَمُراتِ الحَيِّ ناقِفُ حَنظَلِ

جب جدائی کی صبح انہوں نے (جانوروں پر) سامان لاد لیا تو میں ایسا تھا گویا کہ قبیلے کے ببول کے درخت کے پاس کھڑا اس کی گری نکالنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

غَداةَ البَينِ : جدائی کی صبح۔ یہ شدید غم کا وقت ہے۔ **سَمُراتِ** : ببول کا درخت۔ **الحَيِّ** : قبیلہ۔ **ناقِفُ حَنظَلِ** : وہ شخص جو ناخنوں سے چھیل کر ببول کے پھل کی گری نکالے۔ ببول کے پھل کی گری نکالنے سے انسان کے آنسو اسی طرح بہتے ہیں جیسے پیاز چھیلتے ہوئے۔ شاعر نے اپنے رونے کو اس سے تشبیہ دی ہے۔

وُقُوفًا بِها صَحْبِي عَلَيَّ مَطِيَّهُمْ ... يَقولونَ: لا تَهلِكْ أَسًى، وتَجَمَّلِ

میرے دوست اپنی سواریوں پر کھڑے مجھ سے کہہ رہے تھے: خود کو غم سے ہلاک نہ کر۔ اچھے طریقے سے صبر کر۔

وُقُوفًا : ٹھہرے ہوئے۔ یہ حال ہونے کے باعث منصوب ہے۔ **أَسًى** : شدید غم، ڈپریشن۔ یہ مفعول لہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ **تَجَمَّلِ** : اچھی طرح صبر کر۔ قرآن مجید میں ہے کہ سیدنا یعقوب علیہ الصلوۃ والسلام کے پاس جب ان کے بیٹے، سیدنا یوسف علیہ الصلوۃ والسلام کی قمیص پر خون لگا کر لائے اور کہا کہ انہیں بھیڑیا کھا گیا ہے تو انہوں نے فرمایا: **فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ**۔

وإنّ شِفائي عَبْرَةٌ مُهَراقَةٌ ... فهل عَنْدَ رَسْمٍ دارِسٍ من مُعَوَّلِ

(میں نے جواب دیا:) میری شفا یہی بہے ہوئے آنسو ہیں۔ (پھر مجھے عقل آئی تو میں نے کہا: کہتے تو تم ٹھیک ہی ہو) کیا ان ختم ہوتے نشانات کے پاس کوئی مددگار ہے؟ (یعنی رونے دھونے کا کیا فائدہ، محبوبہ تو واپس آنے سے رہی۔)

عَبْرَةٌ : آنسو۔ **مُهَرَاقَةٌ** : بہائے ہوئے۔ **دارِسٍ** : مٹتے ہوئے۔ **مُعَوَّلِ** : جس پر اعتماد کیا جا سکے۔

كَدَأْبِكَ مِنْ أُمِّ الْحُوَيْرِثِ قَبلَها ... وَجارَتِها أُمِّ الرَّبابِ بِمَأْسَلِ
(امرؤ القیس!) تمہاری عادت تو اس سے پہلے ماسل کے مقام پر ام الحویرث اور اس کی پڑوسن ام الرباب کے معاملے میں بھی یہی تھی۔
دَأْبِ : عادت۔ مَأْسَلِ : پہاڑ کا نام۔ اگر اسے مَأْسِلِ پڑھا جائے تو اس کا معنی چشمہ ہے۔ اب شاعر اپنا غم غلط کرنے کے لئے اپنے پہلے دو افیئرز کا ذکر کر رہا ہے۔ اس سے اس کے کردار کا اندازہ ہوتا ہے۔
إذا قامَتَا تَضوَّعَ المِسْكُ مِنْهُما ... نَسيمَ الصَّبا جاءَتْ بِرَيَّا القَرَنْفُلِ
جب وہ دونوں کھڑی ہوتیں، تو مشک کی خوشبو ان سے اس طرح آتی جیسے بادِ صبا قرنفل کی خوشبو کو بکھیر دیتی ہے۔
تَضوَّعَ : وہ پھیلتی ہے۔ نَسيمَ الصَّبا : بادِ صبا، صبح کی ہلکی ہلکی ہوا۔ رَيَّا : خوشبو۔ القَرَنْفُلِ : ایک پھول۔
فَفَاضَتْ دُموعُ العَيْنِ منِّي صَبابةً ... على النَّحْرِ حتَّى بَلَّ دَمعيَّ مِحمَلي
آنسو میری آنکھ سے شدید محبت کے باعث نکل کر میرے سینے پر بہے یہاں تک کہ انہوں نے میری تلوار کے نیام کو تر کر دیا۔
صَبابةً : شدید محبت۔ یہ مفعول لہ یعنی سبب ہونے کے باعث منصوب ہے۔ قرآن مجید میں اس کی مثال یہ ہے: يَجۡعَلُونَ أَصَابِعَهُمۡ فِيٓ ءَاذَانِهِم مِّنَ ٱلصَّوَٰعِقِ حَذَرَ ٱلۡمَوۡتِ ۔ بَلَّ : یہ تر ہو گیا۔ مِحمَلي : میری تلوار کا نیام۔ عام طور پر یہ کمر سے باندھا جاتا ہے۔ یعنی آنسو اتنے زیادہ تھے کہ وہاں تک پہنچ گئے۔
أَلا رُبَّ يَومٍ لي مِنْهُنَّ صالِحٍ ... ولا سِيّما يومٍ بِدَارةِ جُلْجُلِ
ہائے! ان خواتین کے ساتھ گزارے دن کتنے خوبصورت تھے۔ خاص طور پر دارۃ جلجل میں گزارا ہو وقت۔
رُبَّ : کتنے ہی۔ لا سِيّما : کوئی موازنہ نہیں، بالخصوص۔ اب شاعر نے غم غلط کرنے کے لئے دارۃ جلجل والے واقعے کو یاد کرنا شروع کر دیا۔ مطلب یہ کہ جب اتنے دن لطف اندوزی میں گزر گئے تو کیا ہوا اگر آج جدائی آ گئی۔ یہ تو زندگی کا حصہ ہے۔
وَيومَ عَقَرْتُ للعَذَارى مَطِيَّتِي ... فَيا عَجَبًا مِنْ كُورِها الْمتحَمَّلِ
اس دن جب میں نے اپنی سواری کو ان کنواریوں کے لئے ذبح کیا دیا۔ کیا مزا تھا!!! جب میری اونٹنی کا کجاوہ دوسرے اونٹوں پر لدا ہوا تھا۔
عَقَرْتُ : میں نے ذبح کیا۔ قرآن مجید میں ہے: فَعَقَرُواْ ٱلنَّاقَةَ وَعَتَوۡاْ عَنۡ أَمۡرِ رَبِّهِمۡ ۔ العَذَارى : کنواریاں۔ اس کا واحد عذراء ہے۔ كُورِها : اس کا کجاوہ۔ اپنی اونٹنی ذبح ہونے کے باعث سامان کو دوسرے اونٹوں پر لادنا پڑا۔

فظَلّ العَذَارى يَرتَمِيْنَ بلَحْمِهَا ... وشَحْمٍ كهُدَّابِ الدِّمَقْسِ الْمُفَتَّلِ
جب وہ کنواری لڑکیاں ایک دوسرے پر اس اونٹ کا گوشت اور چربی پھینک رہی تھیں۔ اس کے لمبے ریشے بل دار ریشم کی جھالر کی مانند تھے۔
يَرتَمِيْنَ : وہ پھینکتی ہیں۔ شَحْمٍ : چربی۔ هُدَّابِ : کنارے۔ الدِّمَقْسِ: ریشم۔ الْمُفَتَّلِ : بل دار
ويَومَ دَخَلتُ الْخِدْرَ، خِدْرَ عُنَيزَة ... فقالتْ: لَكَ الوَيلاتُ إنَّكَ مُرْجِلي
جب میں کجاوے میں جا گھسا، عنیزہ کے کجاوے میں تو وہ بولی: 'لعنت تیرے پر۔ تو مجھے پیدل کرنا چاہتا ہے۔'
الْخِدْرَ : ہودہ، اونٹ کا کجاوہ۔ یہاں دوسرا خدر بدل ہے۔ قرآن میں اس کی مثالیں عام ہیں جیسے: وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحاً لَعَلِّي أَبْلُغُ الأَسْبَابَ، أَسْبَابَ السَّمَوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَى إِلَهِ مُوسَى۔ لَكَ الوَيلاتُ : لعنت تجھ پر۔ یہ نفرت کا اظہار بھی ہو سکتا ہے اور کبھی محبت میں بھی ایسے الفاظ کہہ دیے جاتے ہیں۔ مُرْجِلي : پیدل چلانے والا۔ جب یہ لوگ چلے تو امرؤ القیس کے پاس سواری نہ تھی۔ وہ عنیزہ کے کجاوے میں جا گھسا۔ اس نے کہا کہ چونکہ اونٹ کمزور ہے اور دو افراد کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا، اس لئے یہ مر جائے گا اور میں پیدل ہو جاؤں گی۔
تَقولُ، وَقَدْ مالَ الغَبِيْطُ بنا مَعًا ... عَقَرْتَ بَعيرِي، يا امرَأ القيسِ، فانْزِلِ
وہ کہہ رہی تھی: 'کجاوہ ہمارے بوجھ سے ایک جانب ڈھلک گیا ہے۔ امرؤ القیس! تو نے میرے اونٹ کو مار ڈالا۔ اتر نیچے۔'
مالَ : یہ مائل ہوا، جھکا۔ الغَبِيْطُ : کجاوہ۔ عَقَرْتَ بَعيرِي : تو نے میرے اونٹ کو ذبح کر دیا۔ یہ مسئلہ پیدا کرنے کے لئے بطور استعارہ ہے۔ آپ جانتے ہی ہیں کہ مستقبل کے یقینی واقعات صیغہ ماضی میں بیان ہوتے ہیں۔ اونٹ ابھی مرا نہیں مگر 'تو نے مار ڈالا'۔ قرآن مجید کی آخری سورتوں میں قیامت کے واقعات کو ماضی کے صیغہ میں بیان کیا گیا ہے۔
فقُلتُ لَها: سِيْري وأَرْخي زِمامَهُ ... ولا تُبعِديني مِنْ جَنَاكِ الْمُعَلَّلِ
میں نے اس سے کہا: چلتی رہ اور اس کی لگامیں ڈھیلی چھوڑ دے۔ مجھے اپنے بڑی مقدار میں موجود پھلوں سے دور نہ کر۔
أَرْخي زِمامَهُ : اس کی لگامیں ڈھیلی چھوڑ دے۔ لا تُبعِديني : مجھے دور نہ کر۔ جَنَاكِ : تمہارے پھل۔ الْمُعَلَّلِ : بڑی مقدار میں۔ شاعر نے عنیزہ کو درخت سے تشبیہ دی ہے اور اس کے ساتھ کو پھل سے۔

چیلنج! اسم نکرہ کے استعمال کی پانچ وجوہات بیان کیجیے۔

فمِثلِكِ حُبْلى قدْ طَرَقتُ ومُرْضِعٍ ... فألْهَيْتُها عنْ ذي تَمائِمَ مُغْيَلِ

(مجھے تمہاری خاص پرواہ نہیں کیونکہ) میں تو جب رات کے وقت کسی حاملہ یا دودھ پلانے والی کے پاس آتا ہوں تو اسے اس کے تعویذ پہنے بچے سے بے پرواہ کر دیتا ہوں۔

حُبْلى : حاملہ۔ طَرَقتُ : میں رات کو آیا۔ مُرْضِعٍ : دودھ پلانے والی ماں۔ اسے مذکر و مونث دونوں طرح استعمال کیا جا سکتا ہے کیونکہ مرد تو دودھ پلانے سے رہا۔ مونث کے لئے مذکر الفاظ عربی میں عام استعمال ہوتے ہیں۔ قرآن میں ہے : السَّمَآءُ مُنفَطِرٌۢ بِهِۦ۔ عربی میں آسمان مونث ہے مگر اس کے لئے مذکر لفظ استعمال ہوا ہے۔

أَلْهَيْتُ : میں نے گمراہ کیا۔ تَمَائِمَ : تعویذ۔ مُغْيَلِ : پیارا۔ عرب بچوں کو نظر یا شیطان سے بچانے کے لئے ان کے گلے میں تعویذ ڈال دیتے تھے۔ اسلام نے اس شرکیہ رسم سے انہیں روکا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کا حکم دیا۔

شاعر محبوبہ کا دل جیتنے کے لئے خواتین کو راغب کرنے کے اپنے آرٹ کو بیان کر رہا ہے کہ وہ اس معاملے میں اتنا تیز ہے کہ دودھ پلاتی خواتین بھی اس کی خاطر اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو نظر انداز کر دیتی ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ شاعر اپنے غلیظ کردار کو محبوبہ کا دل جیتنے کے لئے استعمال کر رہا ہے۔ ایسے شخص کو برداشت کرنا عنیزہ ہی کا حوصلہ تھا۔ ہمارے ہاں کا کوئی نامراد عاشق ایسی جسارت کرے تو اس کی محبوبہ ہی جوتے مار مار کر اسے گنجا کر دے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ حقیقت نہ ہو۔ محض شاعر کا تخیل ہی ہو۔

ويَوْمًا على ظَهْرِ الكَثيبِ تَعَذَّرَتْ ... عَليّ، وآلَتْ حَلْفَةً لَم تُحَلَّلِ

ایک دن ٹیلے کی چوٹی پر اس نے مجھے ایسی قسم دے کر مجبور کیا جس سے بچنے کی کوئی گنجائش نہ تھی۔

الكَثيبِ : ٹیلہ۔ تَعَذَّرَتْ عَليّ : اس نے مجھے مجبور کیا۔ آلَتْ : اس نے قسم دی۔ ایک مرتبہ اس نے ایسی جامع و مانع قسم دی کہ جس سے بچ نکلنے کا کوئی راستہ نہ تھا۔

أفاطِمَ، مَهْلًا، بَعْضَ هذا التَّدَلُّلِ ... وإن كُنْتِ قد أَزْمَعتِ صَرْمِيَ فاجْملي

اے فاطمہ (عنیزہ کا اصل نام)! ذرا انتظار کرو! اگر اس فلرٹ کے بعد بھی تم نے مجھ سے قطع تعلق کا ارادہ کر ہی لیا ہے تو ذرا اچھے طریقے سے تو کرو۔

مَهْلًا : آہستہ آہستہ کرو! انتظار کرو!۔ التَّدَلُّلِ : فلرٹ۔ أَزْمَعتِ : تم نے فیصلہ کر لیا ہے۔ صَرْم : کاٹنا، توڑنا

أَغَرَّكِ منّي أنّ حُبَّكِ قاتلي ... وأنَّكِ مَهما تأْمُري القَلبَ يَفعَلِ

تم میرے بارے میں دھوکے میں مبتلا ہو کہ تمہاری محبت مجھے قتل کر دے گی اور جو کچھ تم میرے دل کو حکم دو گی، وہ بجا لائے گا۔

أَغَرَّكِ : تم دھوکے میں مبتلا ہو

فإنْ تكُ قَدْ سَاءَتْكِ منّي خَليقَةٌ ... فَسُلِّي ثِيابِي منْ ثيابِكِ تَنْسُلِ
اگر تم میرے کیریکٹر کو برا سمجھتی ہو، تو میرے دل کو اپنے دل سے کھینچو، یہ الگ ہو جائے گا۔
خَليقَةٌ : عادت، کردار، کیریکٹر۔ سُلِّي : کھینچو۔ تَنْسُلِ : یہ الگ ہو جائے گا۔ بعض ماہرین کے نزدیک یہاں ثوب یا کپڑے کو مجازی طور پر دل کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔
وما ذَرَفَتْ عَيناكِ إلَّا لتَضْرِبِي ... بِسَهْمَيكِ فِي أَعْشَارِ قَلبٍ مُقَتَّلِ
تمہاری دونوں آنکھیں آنسو بہا کر اپنے تیر میرے دل کے حصوں پر چلاتی ہیں تاکہ اسے مار دیں۔
ذَرَفَتْ :وہ آنسو بہاتی ہے۔ سَهْمَ : تیر۔ أَعْشَارِ :حصے۔ مُقَتَّلِ : قتل کیا گیا۔ نینوں کے تیر چلانا اردو میں بھی ایک محاورہ ہے۔
وبَيضَةِ خِدْرٍ لا يُرامُ خِباؤُها ... تَمَتَّعْتُ مِن لَهوٍ بِها، غَيرَ مُعجَلِ
بہت ہی خیموں میں چھپی ہوئی خوبصورت خواتین ہیں، جن کے خیموں تک رسائی ممکن نہیں مگر میں ان کے ساتھ کھیلنے سے بلا جھجک لطف اندوز ہوتا ہوں اور مجھے کوئی جلدی نہیں ہوتی۔
بَيضَةِ : انڈہ۔ خِدْرٍ : خیمہ، ہودج۔ يُرامُ : یہ ممکن ہے۔ خِباؤُها : اس کا خیمہ۔ تَمَتَّعْتُ : میں لطف اندوز ہوا۔ لَهوٍ : کھیلنا۔ مُعجَلِ : تیزی سے۔ شاعر نے خاتون کی خوبصورتی اور حفاظت کو انڈے تشبیہ دی ہے۔ تمام جانور بالخصوص شتر مرغ اپنے انڈوں کو چھپا کر رکھتے ہیں۔ یہیں سے یہ لفظ بطور استعارہ خواتین کے محفوظ اور چھپا ہونے کے معانی میں استعمال ہونے لگا۔ قرآن مجید میں ہے: وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ. كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَكْنُونٌ۔
تَجاوَزْتُ أَحْرَاسًا إلَيها ومَعشَرًا ... عليَّ حِرَاصًا لو يُسِرُّونَ مَقتَلي
میں محافظوں اور پورے قبیلے کو جل دے کر اس تک جا پہنچا۔ انہیں یہ شدید خواہش ہو گی کہ وہ مجھے خفیہ طور پر قتل کر دیں۔
تَجاوَزْتُ : میں نے تجاوز کیا۔ أَحْرَاسًا : محافظ، سیکورٹی گارڈ۔ مَعشَرًا : لوگوں کا گروہ، قبیلہ۔ حِرَاصًا : لالچی ہونا، شدید خواہش ہونا۔
إذا ما الثُّرَيّا في السَّماءِ تَعَرَّضَتْ ... تَعَرُّضَ أَثْناءَ الوِشاحِ المُفصَّلِ
میں اس وقت اس تک جا پہنچا جب ثریا آسمان پر ظاہر ہو رہا تھا گویا کہ ایک ایسا ہار ہو جس میں فاصلے پر موتی لگے ہوئے ہوں۔
الثُّرَيّا : ایک ستارہ۔ تَعَرَّضَتْ : وہ ظاہر ہوا۔ أَثْناء : اس وقت جب۔ الوِشاحِ المُفصَّلِ : ہار جس میں فاصلے پر موتی لگے ہوں۔ شاعر نے ستاروں کو ہار سے تشبیہ دی ہے۔

فَجِئْتُ، وقد نَضَّتْ لنَوْمٍ ثِيابَهَا ... لَدَ السِّترِ إلّا لِبْسَةَ الْمُتَفَضِّلِ
میں اس کے پاس ایسے وقت آیا جب اس نے سوائے سونے کے لباس کے تمام کپڑے اتار دیے تھے اور پردے کے پاس کھڑی تھی۔
نَضَّتْ :اس نے کپڑے اتارے۔ السِّترِ :پردہ۔ الْمُتَفَضِّلِ :رات کا گاؤن۔
فَقالَتْ: يَمينَ اللّهِ ما لَكَ حِيْلَةٌ ... وما إنْ أَرى عَنكَ الغَوَايةَ تَنْجَلي
وہ بولی: اللہ کی قسم! تمہارے لئے کوئی بہانہ نہیں۔ میرا نہیں خیال کہ کوئی چیز اس گناہ سے تمہیں بچا سکے۔
يَمينَ :قسم۔ حِيْلَةٌ :عذر، حیلہ، بہانہ۔ الغَوَايةَ :غلطی، گناہ۔ تَنْجَلي :تم بچ جاؤ۔
خَرَجْتُ بِها أَمشي تَجُرُّ وَرَاءَنا ... على أَثَرَينا ذَيْلَ مِرْطٍ مُرَحَّلِ
میں اس کے ساتھ باہر آیا اور چلنے لگا۔ ہمارے پیچھے وہ اپنے قدموں کے نشان پر اپنی نقش و نگار والی چادر پھیرتی جا رہی تھی۔
تَجُرُّ :وہ جاری ہے، پھیرتا ہے۔ أَثَرَينا :ہمارے قدموں کے نشان۔ ذَيْلَ :پیچھے، چادر کا پلو۔ مِرْطٍ :شال، چادر۔ مُرَحَّلِ :نقش و نگار۔ ایسا کرنے کا مقصد یہ تھا کہ کہیں قبیلے کا کھوجی قدموں کے نشان دیکھ کر ان کے پیچھے نہ آ جائے۔ اس واقعہ کا بھی حقیقی ہونا ضروری نہیں ہے۔ یہ محض شاعر کا تخیل ہو سکتا ہے۔
فلَمَّا أَجَزْنا ساحَةَ الْحَيِّ وانتَحَى ... بنا بَطْنُ خَبْتٍ ذي حِقافٍ عقَنقَلِ
جب ہم نے قبیلے کے صحن کو پار کیا اور ایک خاموش وادی میں آ پہنچے جس کے پہاڑوں میں ریت مضبوطی سے جمی ہوئی تھی۔
أَجَزْنا : ہم نے پار کیا۔ ساحَةَ : صحن۔ : ہم پہنچے۔ انتَحَى :وہ پہنچا یا ایک طرف ہوا۔ بَطْنُ خَبْتٍ : وادی خاموش۔ حِقافٍ : ٹیلے، پہاڑیاں۔ قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام بھی الاحقاف ہے۔ عقَنقَلِ :مضبوطی سے ریت کا جما ہونا۔
كَبِكْرِ الْمُقاناةِ البَياضِ بِصُفْرَةٍ ... غَذاها نَميرُ الْمَاءِ غَيرُ المُحَلَّلِ
وہ اس کنواری کی طرح ہے جس کے سفید رنگ میں زردی کی ملاوٹ ہو۔ اس کی غذا ایسا صاف پانی جسے پینے کی کسی کو اجازت نہ ہو۔
بِكْرِ : کنواری۔ المُقاناةِ : ملاوٹ۔ صُفْرَةٍ : زرد۔ نَميرُ : صاف۔ المُحَلَّلِ : اجازت۔ ایسا تالاب جس پر سوائے سردار کے خاندان کے کسی اور کو جانے کی اجازت نہ ہو۔ شاعر نے زردی مائل سفید رنگ کو حسن کا معیار گردانا ہے۔ ہمارے ہاں اسے حسن کی بجائے بیماری کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ ممکن ہے کہ اس نے انڈے کی زردی و سفیدی کو بطور استعارہ استعمال کیا ہو۔

تَصُدّ وتُبدي عَنْ أَسِيْلٍ وَتَتّقي ... بناظِرَةٍ منْ وَحشِ وَجرَةَ مُطْفِلِ
وہ واپس مڑی اور اپنا گال دکھایا، اس نے خود کو بچانے کی کوشش کی اور ایسی نظروں سے دیکھا جیسے وجرہ کی بچے والی کوئی وحشی ہرنی دیکھتی ہو۔
تَصُدّ : وہ واپس مڑی۔ تُبدي : اس نے دکھایا۔ أَسِيْلٍ : گال۔ یہ اعراض کرنے کی علامت ہے۔ تَتّقي : اس نے خود کو بچایا۔ یہ لفظ قرآن میں عام استعمال ہوا ہے۔ وَجرَةَ : ایک جگہ کا نام۔ مُطْفِلِ : بچے والی۔ یعنی بچے والی ہرنی کی طرح محتاط اور خوفزدہ نظروں سے دیکھا۔
وَجِيْدٍ كَجِيْدِ الرِّيْمِ ليسَ بِفاحِشٍ ... إذا هِيَ نَصَّتْهُ، ولا بِمُعَطَّلِ
اس کی گردن ہرنی کی گردن کی طرح ہے اور حد سے زیادہ (لمبی) نہیں ہے۔ جب وہ اسے اٹھاتی ہے تو یہ بغیر زیور کے نہیں ہوتی۔
جِيْدٍ : گردن۔ یہ لفظ قرآن میں بھی اسی معنی میں استعمال ہوا ہے فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِنْ مَسَدٍ۔ : حد سے زیادہ۔ نَصَّتْ : وہ اٹھاتی ہے۔ مُعَطَّلِ : بغیر زیور کے۔
وفَرْعٍ يَزينُ الْمَتنَ أَسْوَدَ فاحِمٍ ... أَثيثٍ كَقِنْوِ النّخْلَةِ الْمُتَعَثْكِلِ
اس کے سیاہ لمبے بال اس کی کمر کو سجاتے ہیں۔ وہ پھلوں سے لدی کھجور کی شاخ کے پھل کی طرح بہت گھنے ہیں۔
فَرْعٍ : بال۔ الْمَتنَ : کمر۔ فاحِمٍ : گہرے سیاہ۔ أَثيثٍ : بہت زیادہ۔ قِنْوِ : پھل۔ یہ لفظ قرآن میں بھی آیا ہے: مِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ۔ المُتَعَثْكِلِ : پھلوں سے لدی شاخ۔
غَدائِرُهُ مُسْتَشْزِراتٌ إلى العُلَا ... تُضِلُّ العِقَاصُ في مُثَنّىً ومُرْسَلِ
جب وہ بالوں کی چوٹی کو اٹھا کر رکھتی ہے، تو اس کے پچھلے بال دو چوٹیوں اور پیشانی کے بالوں کے درمیان لہراتے ہیں۔
غَدائِرُ : بالوں کی چوٹیاں۔ مُسْتَشْزِراتٌ : اٹھی ہوئی۔ تُضِلُّ : وہ لہراتی ہے۔ العِقَاصُ : پچھلے حصے کے بال۔ مُثَنّىً : دو چوٹیاں۔ مُرْسَلِ : پیشانی کے بال۔ یہ سب بالوں کے زیادہ ہونے کی علامت ہیں جو عرب میں حسن کا معیار تھا۔
وتُضحي، فُتِيْتُ المِسكِ فوقَ فِراشِها ... نَؤُومُ الضُّحَى لم تَنتَطِقْ عن تَفَضُّلِ
صبح کے وقت مشک کے ٹکڑے اس کے بستر پر بکھرے ہوتے ہیں۔ وہ صبح دیر تک سوتی ہے اور کام کاج کے کپڑوں کے اوپر کمر پر (ملازماؤں کی طرح) پٹکا نہیں باندھتی۔
فُتِيْتُ : ٹکڑے۔ لم تَنتَطِقْ : وہ پٹکا نہیں باندھتی۔ تَفَضُّلِ : اضافی کپڑے (کام کاج کے)۔ یہاں محبوبہ کی دولت مندی کے لئے تین استعارے بیان ہوئے ہیں: (۱) دیر تک سونا۔ (۲) کام کاج نہ کرنا۔ (۳) بستر پر مشک جیسی قیمتی چیز کے ٹکڑے پڑے ہونا۔

وتَعطُو برَخْصٍ غيرِ شَثْنٍ كأنَّهُ ... أَساريعُ ظَبِيٍ أو مَسَاويكُ إسْحِلِ
وہ نرم (انگلیوں) سے پکڑتی ہے جو کہ کھردری نہیں ہیں۔ گویا کہ وہ مقام ظبی کے کیچوے ہوں یا اسحل کی مسواکیں ہوں۔
تَعطُو : پکڑ کر اٹھانا۔ رَخْصٍ : نرم۔ شَثْنٍ : کھردری۔ أَساريعُ : کیچوے، اسروع کی جمع۔ ظَبِيٍ : ایک مقام۔ مَسَاويكُ : مسواک کی جمع۔ إسْحِلِ : ایک نرم شاخوں والا درخت۔ شاعر نے محبوبہ کی انگلیوں کو دو چیزوں سے تشبیہ دی ہے۔ نرم کیچوے اور نرم مسواکیں۔ چلیے مسواک کی حد تک تو معاملہ ٹھیک ہے لیکن کیچوؤں سے تشبیہ پر شاعر کے ذوق کی داد دینا پڑتی ہے۔
تُضيءُ الظّلامَ بالعِشاءِ كأَنَّها ... مَنارَةُ مُمْسَى رَاهبٍ مُتَبَتِّلِ
رات کو اندھیرے میں وہ ایسے چمکتی ہے جیسے خدا پرست راہب کا شام کو روشن کیا ہوا چراغ۔
تُضيءُ : وہ روشن کرتی ہے۔ مَنارَةُ : چراغ۔ مُمْسَى : شام کے وقت۔ رَاهبٍ : تارک دنیا۔ وہ شخص جو دنیا چھوڑ کر جنگلوں میں زندگی گزارے۔ قرآن مجید نے عیسائیوں کی رہبانیت کو بیان کیا ہے: **وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ**۔ مُتَبَتِّلِ : وہ جو مکمل طور پر خود کو خدا کے حوالے کر دے۔ قرآن مجید میں ہے: **وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا**۔ راہب لوگوں کی راہنمائی کے لئے رات کو اپنی کٹیا میں چراغ جلا دیا کرتے تھے تاکہ بھولے بھٹکے مسافروں کو راستہ مل سکے۔ شاعر نے محبوبہ کے حسن کو اس کی چمک سے تشبیہ دی ہے۔
إلى مِثلِها يَرنُو الحَليمُ صَبابَةً ... إذا ما اسبَكَرَّتْ بينَ دِرْعٍ ومِجْوَلِ
ایک حلیم الطبع شخص (جسے خود پر کنٹرول ہو) بھی اس کی جانب ایسی ہوس بھری نگاہوں سے دیکھتا ہے گویا وہ بوڑھی و بچی کی درمیانی عمر کی (نوجوان عورت) ہو۔
يَرنُو : وہ تاڑتا ہے۔ صَبابَةً : شدید خواہش، ہوس۔ اسبَكَرَّتْ : وہ موجود ہے۔ دِرْعٍ : جوان عورت کی قمیص۔ مِجْوَلِ : بچی کی قمیص۔ یہ اس کی عمر کی تصویر کشی ہے یعنی نہ وہ بوڑھی ہے اور نہ بچی۔ معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے ہوس کا نام محبت رکھ لیا ہے۔
تَسَلَّتْ عَماياتُ الرِّجالِ عنِ الصِّبَا ... ولَيسَ فؤادِيْ عنْ هَواها بِمُنسَلِ
نوجوانی کا اندھا پن عمر کے ساتھ ختم ہو جاتا ہے مگر اس کی ہوس میرے دل سے اترنے والی نہیں ہے۔
تَسَلَّتْ : وہ ختم ہوتا ہے۔ عَماياتُ : اندھا پن، غیر معقول رویہ۔ الصِّبَا : نوجوانی۔ هَواها : اس کی حرص و ہوس۔ قرآن مجید میں ہے: **وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَى**۔ مُنسَل: ختم ہونے والا۔

آج کا اصول: بعض اوقات لفظ 'مِن' بعض یا کچھ کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے جیسے مِنَ الناسِ (بعض لوگ)، **جَاءَ الْمُعَذِّرُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ** (دیہاتیوں میں سے کچھ معذرت کرنے والے آئے)، **ذَٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ** (یہ خبروں میں سے کچھ ہیں) وغیرہ۔ اسے مِنْ التَبعِيضِيّةُ کہتے ہیں۔

ألا رُبَّ خَصْمٍ فيكِ أَلْوَى رَدَدْتُهُ ... نَصيحٍ على تَعذالِهِ غَيرِ مُؤتَلِ

خبر دار! کتنے ہی بحث کرنے والے تمہارے بارے میں مجھ سے شدید بحث کرتے ہیں مگر میں انہیں لوٹا دیتا ہوں۔ وہ مجھے نصیحت اور ملامت کرتے ہیں، مگر میں کان نہیں دھرتا۔

خَصْمٍ: بہت بحث کرنے والا۔ قرآن میں ہے: خَلَقَ الإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ۔ أَلْوَى: بہت شدید بحث کرنے والا۔ نَصيحٍ: خیر خواہ۔ تَعذالِ: جھڑکنا۔ مُؤتَلِ: کان دھرنے والا۔

ولَيلٍ كَمَوجِ البَحْرِ أَرْخَى سُدولَهُ ... عَلَيّ بأَنْواعِ الْهُمُومِ لِيَبتَلي

رات سمندر کی لہر کی مانند ہے۔ اس نے اپنے پردے (مصیبتیں) انواع و اقسام کے دکھوں کے ساتھ مجھ پر پھیلا دیے ہیں تاکہ وہ مجھے آزمائے۔

أَرْخَى: اس نے پھیلا دیے، ڈھیلے چھوڑ دیے۔ سُدولَ: پردے، مراد مصیبتیں ہیں۔ الْهُمُومِ: پریشانیاں، دکھ۔ لِيَبتَلي: تاکہ وہ مجھے آزمائے۔ یہ لفظ قرآن میں عام استعمال ہوا ہے: هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا۔

فَقُلْتُ لَهُ لَمّا تَمَطَّى بِصُلْبِهِ ... وَأَرْدَفَ أَعْجازًا وناءَ بكَلْكَلِ

میں نے اس (رات) سے کہا جب اس نے اپنی کمر پھیلائی، اپنے سرین باہر نکالتے اور اپنی چھاتی باہر کو نکالی۔

تَمَطَّى: اسے نے پھیلایا۔ صُلْبِ: کمر۔ أَرْدَفَ: اس نے باہر نکالا۔ أَعْجازًا: سرین۔ نَاءَ: اس نے پھیلایا۔ كَلْكَلِ: سینہ۔ شاعر نے رات کے پھیلنے کو عورت کی انگڑائی سے تشبیہ دی ہے۔

ألا أَيُّها اللّيلُ الطّويلُ ألا انْجَلِ ... بِصُبْحٍ، وما الإصْبَاحُ مِنْكَ بِأَمْثَلِ

خبر دار! اے لمبی رات! روشن ہو کر صبح بن جا۔ لیکن صبح بھی تو تجھ سے بہتر نہیں ہے۔

انْجَلِ: روشن ہو جا۔ أَمْثَلِ: بہتر۔ رات مصیبت کا استعارہ ہے۔ یہاں شاعر مصیبت کی رات کو خطاب کر کے اسے ختم ہونے کو کہتا ہے۔ پھر اسے خیال آتا ہے کہ اس کے مصائب صبح کے وقت بھی تو جاری رہیں گے، کونسا ختم ہو جائیں گے۔

فَيَا لَكَ مِنَ لَيلٍ كأنَّ نُجُومَهُ ... بأمراسِ كَتّانٍ إلى صُمّ جَنْدَلِ

اے رات! تجھے کیا ہو گیا ہے؟ ایسا لگتا ہے کہ اس کے ستاروں کو کتان کی رسی سے چٹانوں کے کناروں سے باندھ دیا گیا ہے۔

يَا لَكَ: تجھے ہو کیا گیا ہے؟ أمراسِ: رسی۔ كَتّانٍ: ایک مٹیریل۔ صُمّ: پشت، کنارہ۔ جَنْدَلِ: چٹان۔ مصیبت کی رات بہت طویل ہو گئی۔ ایسا لگتا ہے کہ ستاروں کو کسی نے چٹانوں سے باندھ دیا ہے کہ یہ ٹلنے کا نام ہی نہیں لیتے۔

وقِرْبَةِ أَقْوامٍ جَعَلْتُ عِصامَها ... على كاهِلٍ مِنِّي ذَلُولٍ مرَحَّلِ

میں نے قوموں کے مشکیزے کے اسٹریپ اپنی کندھوں پر ڈال لیے جو کہ فرمانبر داری کے ساتھ اس کا بوجھ اٹھانے کو تیار ہیں۔

قِرْبَة : مشکیزہ۔ عِصامَ : اسٹریپ، پٹہ۔ کاھِلٍ : کندھا۔ ذَلُولٍ : فرمانبر دار۔ قرآن مجید میں ہے: هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا ۔ مرَحَّلِ : بوجھ اٹھانے کو تیار۔ اب شاعر مصیبتوں کا مردانہ وار سامنا کرنے کے لئے اپنے عزم کا اظہار کرتا ہے۔

وَوَادٍ كَجَوْفِ العَيْرِ قَفْرٍ قَطعْتُهُ ... بِهِ الذّئبُ يَعوي كالْخَليعِ الْمُعَيَّلِ

(میں اتنا بہادر ہوں کہ) میں (رات کو) ایسی خالی وادی سے گزر جاتا ہوں جو کہ گدھے کے خالی پیٹ کی مانند ہو۔ (یہ اتنی بے آباد ہے کہ) اس میں بھیڑیا اس شخص کی مانند چیختا ہے جس کا بڑا خاندان ہو اور وہ سب کچھ جوئے میں ہار جائے۔

وَادٍ : وادی۔ جَوْفِ : پیٹ۔ العَيْرِ : گدھا۔ قَفْرٍ : خالی۔ قَطعْتُ : میں گزرا۔ يَعوي : وہ چیختا ہے۔ الْخَليعِ : جوئے میں ہارنے والا۔ الْمُعَيَّل : بڑے خاندان والا۔

فَقُلْتُ لَهُ لَمّا عَوَى: إنَّ شَأْنَنا ... قَليلُ الغِنى إنْ كنتَ لَمّا تَمَوَّلِ

جب وہ چیخا تو میں نے اس سے کہا: 'ہم دونوں کی حالت غربت کی ہے بشرطیکہ تم ابھی تک امیر نہ ہوئے ہو۔'

تَمَوَّلِ : تم امیر ہو۔ شاعر اپنی غربت کا موازنہ بھیڑیے سے کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ہم ایک جیسے ہیں۔ بھیڑیے کے تو امیر ہونے کا امکان ہے مگر میرے امیر ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

كِلانا إذا ما نالَ شَيْئًا أَفَاتَهُ ... وَمَنْ يَحْتَرِثْ حَرْثي وَحَرْثَك يَهْزِلِ

(او بھیڑیے!) خبر دار! جب بھی ہم میں سے کسی کو کوئی چیز ملتی ہے تو وہ اسے ضائع کر دیتا ہے۔ جو بھی میری یا تمہاری طرز پر کمائی کرے گا، اسے اڑا دے گا۔

أَفَاتَهُ : وہ ضائع کرتا ہے۔ يَحْتَرِثْ : وہ کماتا ہے۔ يَهْزِلِ : وہ ضائع کرتا ہے۔ لفظ حرث کا مطلب تو زرعی پیداوار ہے مگر مجازاً اسے کمائی کے معنی میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ وَمَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ نَصِيبٍ۔ شاعر شراب، جوئے اور طوائفوں کے معاملے میں اپنی فضول خرچی کا موازنہ بھیڑیے سے کرتا ہے جو شکار کر کے باقی گوشت کو ضائع کر دیتا ہے۔

آج کا اصول:

لفظ لَمّا کو دو معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (۱) جب (۲) ابھی تک نہیں۔ مثلاً لَمَّا أَنْبَأَهُمْ (جب اس نے انہیں خبر دے دی)، لَمَّا يَأْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ (کوئی آفت تم پر اب تک نہیں آئی جیسی تم سے پہلے لوگوں پر آئی تھی)۔

وقد أغتَدي والطّيْرُ فِي وُكُناتِها ... بِمُنْجَرِدِ قَيْدِ الأوابِدِ هَيْكَلِ
میں نے بڑے گھوڑے پر صبح سفر کا آغاز کیا جب پرندے اپنے گھونسلوں میں تھے۔ یہ بہت تیز ہے، اس کے بال چھوٹے ہیں اور اس کی پکڑ وحشی درندوں کی طرح ہے۔
أغتَدي : میں نے صبح کیا۔ وُكُنَاتِها : ان کے گھونسلے۔ مُنْجَرِدِ : تیز دوڑنے والا اور چھوٹے بالوں والا۔ قَيْدِ الأوابِدِ : وحشی درندوں کی پکڑ۔ هَيْكَلِ : بہت بڑا گھوڑا۔ اب شاعر اپنے ایڈونچر اور گھوڑے کا ذکر کرتا ہے۔
مِكَرٍّ مِفَرٍّ مُقْبِلٍ مُدْبِرٍ مَعًا ... كَجُلْمُودِ صَخْرٍ حَطَّهُ السَّيْلُ مِنْ عَلِ
(یہ گھوڑا) بیک وقت حملہ کر سکتا ہے، فرار ہو سکتا ہے، آگے بڑھ سکتا ہے اور پیچھے ہٹ سکتا ہے۔ یہ اس چٹان کے پتھر کی مانند (تیز) ہے جو بلندی سے سیلاب کے پانی کی طرح نیچے گر رہا ہو۔
مِكَرٍّ : حملہ آور۔ مِفَرٍّ : فرار ہونے والا۔ مُقْبِلٍ : آگے بڑھنے والا۔ جُلْمُودِ : بڑا پتھر۔ حَطَّهُ : گرتا ہوا۔ عَلِ : بلندی۔ اصل میں علو ہے جس کی 'و' کو قافیہ برقرار رکھنے کے لئے حذف کر دیا گیا ہے۔
كُمَيتٍ يَزِلُّ اللِّبْدُ عن حالِ مَتْنِهِ ... كَمَا زَلَّتِ الصّفْوَاءُ بِالْمُتَنَزِّلِ
یہ ایک سرخی مائل بھورے بالوں والا گھوڑا ہے۔ اگر اس کی کمر پر اون کا گدا رکھا جائے تو یہ ایسے پھسل جاتا ہے جیسے تیز بارش سے پتھر پھسلتے ہیں۔
كُمَيتٍ : سرخ مائل بھورے بالوں والا۔ يَزِلُّ : وہ پھسلتا ہے۔ اللِّبْدُ : اون کا گدا۔ الصّفْوَاءُ : پھسلنے والے پتھر۔ الْمُتَنَزِّلِ : بارش
على الذَبلِ جَيَّاشٍ كأنَّ اهْتِزامَهُ ... إذا جاشَ فيهِ حَمْيُهُ غَلْيُ مِرْجَلِ
اپنے دبلے جسم کے باوجود، یہ بہت تیز و طرار ہے۔ اس کی رفتار کا جوش ایسا ہے جیسے ہانڈی میں ابلتا ہوا سالن حرارت سے جوش مارتا ہے۔
الذَبلِ : دبلا جسم۔ جَيَّاشٍ : تیز و طرار، جوشیلا۔ اهْتِزامَ : رفتار۔ جاشَ : یہ جوش مارتا ہے۔ حَمْيُ : حرارت۔ غَلْيُ : ابلنا۔ مِرْجَلِ : ہانڈی۔

مطالعہ کیجیے! اسلام کی دعوت کے لئے کام کیسے کیا جائے؟ دعوت دین کی حکمت عملی کیسے تیار کی جائے۔ http://www.mubashirnazir.org/ER/L0005-00-Dawat.htm

كأنّ دِماءَ الهادِيَاتِ بِنَحْرِهِ ... عُصارَةُ حِنَّاءٍ بِشَيْبٍ مُرَجَّلِ
جنگلی جانوروں کے خون کے دھبے اس کے سینے پر ایسے لگتے ہیں جیسے کنگھی کیے ہوئے سفید بالوں میں مہندی کا رنگ۔
الهادِيَاتِ : جنگلی جانور۔ عُصارَةُ : رس، رنگ۔ حِنَّاءٍ : مہندی۔ شَيْبٍ : سفید بال۔ مُرَجَّلِ : کنگھی کیے ہوئے۔ گھوڑا اتنا تیز ہے کہ جب سوار شکار کرتا ہے تو یہ گھوڑا اتنی تیزی سے شکار تک پہنچ جاتا ہے کہ ابھی جانور کے خون کا فوارہ چھوٹا نہیں ہوتا۔ یہ خون گھوڑے کے سینے کے بالوں کو مہندی کی طرح رنگ دیتا ہے۔
أَصَاحِ تَرَى بَرْقًا أُرِيكَ وَمِيْضَهُ ... كَلَمْعِ اليَدَيْنِ في حَبْيٍ مُكَلَّلِ
میرے دوست! کیا تم نے بجلی دیکھی ہے؟ میں تمہیں جمع ہوئے بادلوں میں اس کی چمک دکھاتا ہوں جو تیزی سے حرکت کرتے ہاتھوں کی گردش جیسی ہوتی ہے۔
صَاحِ : صاحب، دوست۔ 'ب' کو شعر کا وزن برقرار رکھنے کے لئے حذف کر دیا گیا ہے۔ مِيْضَ : بجلی کی چمک۔ لَمْعِ اليَدَيْنِ: ہاتھوں کی تیز حرکت۔ حَبِيٍ : بادل۔ مُكَلَّلِ : اکٹھا۔ گھوڑے کے بعد اب شاعر بارش کے طوفان کی منظر کشی کرتا ہے۔
وَتَيْمَاءَ لَمْ يَتْرُكْ بِهَا جِذْعَ نَخْلَةٍ ... وَلَا أُطُمًا إلّا مَشِيْدًا بِجَنْدَلِ
تیماء کے مقام پر اس نے کھجور کا کوئی تنانہ چھوڑا اور نہ ہی کوئی عمارت سوائے ان کے جو پتھروں سے بنی ہوئی تھیں۔
تَيْمَاءَ : شمالی عرب کا شہر۔ أُطُمًا : عمارت۔ مَشِيْدًا : تعمیر شدہ۔ جَنْدَلِ : پتھر۔ یعنی بارش نے ہر چیز تباہ کر دی۔
كَأَنَّ ثَبِيْرًا في عَرَانِينِ وَبْلِهِ ... كَبِيرُ أُنَاسٍ في بِجادٍ مُزَمَّلِ
تیز بارش کے موٹے موٹے قطروں میں ثَبِیر پہاڑ لوگوں کے بزرگ جیسا لگ رہا تھا جس نے چادر لپیٹی ہوئی ہو۔
ثَبِيْرًا : پہاڑ کا نام۔ عَرَانِينِ : موٹے موٹے قطرے۔ وَبْلِ : تیز بارش۔ جادٍ : چادر۔ مُزَمَّلِ : لپٹا ہوا۔ یہ لفظ قرآن میں بھی استعمال ہوا ہے: يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ! قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا ۔ شاعر نے بارش میں پہاڑ کو شال میں لپٹے بزرگ سے تشبیہ دی ہے۔
كَأَنَّ السِّباعَ فيهِ غَرْقَى عَشِيَّةً ... بِأَرْجَائِهِ القُصْوَى أَنَابِيْشُ عُنْصُلِ
رات کے وقت، شہر کے دور کی اطراف میں جنگلی درندوں (کے مردہ جسم) سیلاب میں ایسے غرق پڑے تھے جیسے کسی گڑھے میں پیاز پڑے ہوں۔
أَرْجَاءِ القُصْوَى : دور کی اطراف۔ أَنَابِيْشُ : گڑھے۔ عُنْصُلِ : پیاز۔ شاعر نے درندوں کے جسموں کو پیازوں سے تشبیہ دی ہے۔

مُعَلَّقَةُ طرفة ابن العبد البكري

طرفہ بن عبدالبکری (d. 552 CE) بھی دور جاہلیت کا بڑا شاعر ہے۔ وہ بحرین (موجودہ مشرقی سعودی عرب) میں رہتا تھا۔ اس کے والد فوت ہوئے اور چچاؤں نے جائیداد پر قبضہ کر لیا۔ اس کے پاس جو مال و متاع تھا، اس نے شراب اور طوائفوں پر اڑا دیا۔ مال لٹانے کے بعد وہ ایران کی سرحد پر واقع حیرہ کی سلطنت میں آ پہنچا اور یہاں کے بادشاہ عمرو بن ہند کا درباری بن گیا۔ یہاں اسے کوئی بڑا عہدہ نہ مل سکا۔ اس نے غصے میں آ کر بادشاہ کی ہجو میں ہی نظم کہہ ڈالی۔ بادشاہ نے اس نظم کے باعث اسے قتل کروا دیا۔ اس کی شاعری کی خصوصیت تصویر کشی کی صلاحیت ہے۔ اس نے اپنے معلقہ میں اونٹ کی تصویر کشی کی ہے۔ اس کے علاوہ وہ شاعری میں اپنا فلسفہ بھی بیان کرتا ہے۔

لِخَولَةَ أَطْلَالٌ بِبُرْقَةِ ثَهْمَدِ ... تَلُوحُ كباقي الوَشْمِ في ظاهِرِ اليَدِ

خولہ (شاعر کی محبوبہ) کے گھر کے کھنڈرات ثَهْمَدِ کے چٹانی علاقے میں ایسے ظاہر ہیں جیسے ہاتھ کی جلد پر ٹیٹو کے آثار باقی رہ جاتے ہیں۔

أَطْلَالٌ: کھنڈرات۔ بُرْقَةِ: چٹانی علاقہ۔ الوَشْمِ: ٹیٹو، جسے جلد پر گدوایا جاتا ہے۔

عَدَوْلِيّةٍ أو مِنْ سَفِينِ ابنِ يامِنٍ ... يَجورُ بها الْمَلّاحُ طَوْرًا وَيَهْتَدي

(محبوبہ کے اونٹوں کے کجاوے ایسے ہیں جیسے) عدولیہ یا ابن یامن کی کشتیاں ہوں۔ جب ملاح انہیں چلاتے ہیں تو وہ ایک جانب جھکتی ہیں اور پھر سیدھی چلتی ہیں۔

عَدَوْلِيّةٍ: کشتی کی ایک قسم۔ ابنِ يامِنٍ: کشتیوں کا کاریگر۔ سَفِينِ: کشتیاں۔ يَجورُ: وہ چلاتا ہے۔ طَوْرًا: ایک جانب جھکی ہوئی۔ طرفہ نے اونٹوں کے کجاوے کو کشتی سے تشبیہ دی ہے۔ عربی شاعری میں سمندر سے متعلق اشیاء کی تشبیہات کم ہی ملتی ہیں۔ طرفہ چونکہ ساحلی علاقے کا رہنے والا تھا، اس وجہ سے اس نے یہ تشبیہ استعمال کی ہے۔

أَمُونٍ كأَلواحِ الإِرَانِ نَسَأْتُها ... على لاحِبٍ، كَأَنّهُ ظَهْرُ بُرْجُدِ

(میرے اونٹ کی پیٹھ) بڑے صندوق کے تختے کی مانند محفوظ ہے۔ جب میں نے اسے چلایا تو یہ جھومتا ہوا (اس پیچیدہ راستے پر) چلا جو دھاری دار کمبل کے سامنے والے حصے کی مانند تھا۔

أَمُونٍ: محفوظ۔ الإِرَانِ: صندوق۔ نَسَأْتُ: میں نے چلایا۔ لاحِبٍ: جھومنا، لڑکھڑانا۔ بُرْجُدِ: دھاری دار کمبل۔ شاعر نے اونٹ کی کمر کو تختے سے تشبیہ دی اور راستے کی پیچیدگی کو کمبل کی دھاریوں سے۔ یعنی پیچیدہ راستوں پر بھی اونٹ خوب چلتا ہے۔ پیچیدہ راستوں کے بارے میں اپنے علم پر شاعر فخر کر رہا ہے۔

لها فَخِذانِ أُكْمِلَ النَّحضُ فِيهِما ... كأنّهُما بابا مُنيفٍ مُمَرَّدِ
اس کی دورانیں ہیں جو پوری طرح گوشت سے پر ہیں۔ گویا کہ یہ بڑا اونچا شاندار پھاٹک ہوں۔
فَخِذانِ : دورانیں۔ النَّحضُ : گوشت سے پر۔ مُنيفٍ : اونچا۔ مُمَرَّدِ : شاندار۔ شاعر نے اونٹ کی دو ٹانگوں کو قلعے کے گیٹ کے دو پٹوں سے تشبیہ دی ہے۔
كَقَنْطَرَةِ الرّوميّ أَقْسَمَ رَبُّها ... لَتُكْتَنَفَنْ حتى تُشَادَ بِقَرْمَدِ
(یہ اونٹ) اس رومی پل کی طرح ہے جس کے مالک نے قسم کھا رکھی ہو کہ جب تک اس پر پلستر کر کے اسے مضبوط نہیں کیا جاتا، وہ اس پر ضرور نظر رکھے گا۔
قَنْطَرَةِ : محرابی پل۔ لَتُكْتَنَفَنْ : اس پر ضرور نظر رکھے گا۔ تُشَادَ : اسے مضبوط کیا جاتا ہے۔ قَرْمَدِ : پلستر۔ شاعر نے اونٹ کی حفاظت کو زیر تعمیر پل کی حفاظت سے تشبیہ دی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں رومیوں کا طرز تعمیر دور دور تک مشہور تھا۔
وَخَدٌّ كَقِرْطَاسِ الشّامي ومِشفَرٌ ... كَسِبتِ اليَماني قَدُّهُ لَمْ يُجَرَّدِ
اس کے گال شامی کاغذ کی مانند ہیں اور ہونٹ ایسے یمنی چمڑے کی مانند جسے پوری طرح تیار نہ کیا گیا ہو۔
مِشفَرٌ : اونٹ کے ہونٹ۔ سِبتِ : چمڑا۔ قَدُّهُ : اس کو تیار کرنا۔ لَمْ يُجَرَّدِ : وہ مکمل نہیں ہوا۔ اس زمانے میں شام کا کاغذ اور یمن کا چمڑا بہترین کوالٹی کا ہوتا ہو گا۔
وجاشَتْ إِلَيهِ النَّفسُ خَوْفًا وَخالَهُ ... مُصابًا ولو أَمسىَ على غَيرِ مَرْصَدِ
(جب کوئی شخص اس پر سواری کرتا ہے تو اس کا) دل جوش سے بھر جاتا ہے۔ وہ خیال کرتا ہے کہ حملہ ہوا کہ ہوا۔ اگرچہ وہ ایسی جگہ سے گزر رہا ہو جہاں کوئی گھات لگا کر نہ بیٹھا ہوا ہو۔
جاشَتْ إِلَيهِ : وہ جوش سے بھر گیا۔ خالَ : اس نے خیال کیا۔ مُصابًا : حملہ ہونا۔ مَرْصَدِ : گھات لگانے کی جگہ۔ یعنی اونٹ پر بیٹھ کر انسان اتنا جوش میں آ جاتا ہے کہ وہ ایسے جنگل میں بھی گھس جاتا ہے جہاں ہر وقت حملے کا خوف ہو۔ اگرچہ حقیقتاً وہاں ڈاکو گھات لگائے نہ بیٹھے ہوئے ہوں۔ یہ لفظ قرآن میں بھی ہے : **وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ، إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا**۔
إذا القومُ قالوا مَن فتًى؟ خِلتُ أَنَّني ... عُنيتُ، فَلَمْ أَكْسَلْ ولَم أَتبَلَّدِ
آج کا اصول: کچھ اسم ایسے ہیں جو فعل کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ انہیں 'اسم الفعل' کہا جاتا ہے جیسے هَيَّا (آؤ! یہ کر لیں)، آهٍ (آہ! مجھے درد ہے)، أُفٍ (اف! میں بیزار ہوں)، آمينْ (آمین! قبول فرما) وغیرہ۔

جب قوم نے کہا: 'ہے کوئی جوان مرد؟' تو میں نے خیال کیا کہ میری طرف ہی اشارہ کیا گیا ہے۔ پھر میں نہ تو سست ہوتا ہوں اور نہ ہی ڈھیلا۔
فتًى : جوان لڑکا۔ عُنيتُ : میری جانب اشارہ کیا گیا۔ أَكْسَلْ : میں کسل مندی سے کام لیتا ہوں۔ أَتَبَلَّدِ : میں ڈھیلا پڑتا ہوں۔ شاعر یہاں عرب جوان کا آئیڈیل بیان کر رہا ہے کہ جب اس کے قبیلے کو کوئی مشن درپیش ہو تو ہر شخص خود آگے آئے۔
ولَسْتُ بِحَلَّالِ التّلاعِ مَخافَةً ... ولكِنْ متى يَسترْفِدِ القومُ أَرفِدِ
میں خوف کے مارے پہاڑی کے پیچھے چھپنے والا نہیں ہوں۔ جب قوم مدد مانگتی ہے، میں مدد کے لئے اٹھ کھڑا ہوتا ہوں۔
حَلَّالِ : چھپنے والا۔ التّلاعِ : پہاڑی۔ يَسترْفِدِ : وہ مدد مانگتا ہے۔
وإنْ تَبغِنِي في حَلَقَةِ القَوْمِ تَلْقَنِي ... وإنْ تَقتَنِصْنِي في الحَوانيتِ تَصطدِ
اگر تم مجھے قوم کے حلقے میں ڈھونڈو گے تو میں مل جاؤں گا۔ اور اگر تم مجھے شراب خانوں میں تلاش کرو گے تو بھی مجھے پا لو گے۔
تَبغِنِي : تمہیں میری ضرورت ہو۔ تَقتَنِصْنِي : تم مجھے تلاش کرو۔ الحَوانيتِ : شراب خانے۔ تَصطدِ : تم میرا شکار کر لو گے (یعنی پالو گے)۔ شراب پینا اور قوم کی صحیح یا غلط حمایت کرنا عربوں کی آئیڈیل زندگی تھی۔
وإنْ يَلتَقِ الحَيُّ الجَميعُ تُلاقِنِي ... إلى ذِرْوَةِ البَيتِ الرَّفيعِ الْمُصمَّدِ
اگر پورا قبیلہ اکٹھا ہو جائے تو تم مجھے ایسے گھر کی دہلیز پر پاؤ گے جو بلند اور مضبوطی سے جما ہوا ہے۔
يَلتَقِ : وہ اکٹھے ہوں۔ الحَيُّ الجَميعُ : پورا قبیلہ۔ ذِرْوَةِ : دہلیز۔ المُصمَّدِ : مضبوطی سے جما۔ یعنی میرا خاندان قبیلے میں سب سے عظیم ہے۔ خاندان و قبیلے پر فخر روایتی عرب کا اثاثہ تھا۔
نَداماي بِيضٌ كَالنُّجومِ، وَقَينَةٌ ... تَرُوحُ عَلَينا بَيْنَ بُرْدٍ وَمُجسَدِ
میرے دوست ستاروں کی مانند خوبصورت ہیں۔ ایک گلوکارہ ہمارے درمیان چادر اور چست لباس میں ملبوس ہو کر آتی ہے۔
نَداماي : شراب پینے والے ساتھی۔ قَينَةٌ : گلوکارہ اور رقاصہ لونڈی۔ تَرُوحُ : وہ ہمارے پاس آتی ہے۔ بُرْدٍ : چادر۔ مُجسَد : چست، جسم سے چپکا ہوا۔
وما زالَ تَشرابِي الخُمُورَ ولَذّتِي ... وبَيعِي وإنفاقِي طَرِيفِي ومُتلَدِي
میرا شراب پینا، (پارٹیوں میں) لطف اٹھانا، اور اپنی کمائی اور وراثت کو اڑانا جاری رہا۔
طَرِيفِي : میرا اصلی یعنی اپنا کمایا ہوا۔ مُتلَدِي : وراثت میں ملا مال۔

لی أَنْ تَحامَتني العَشِيرةُ كلُّها ... وأُفرِدْتُ إفرادَ البَعيرِ الْمُعبَّدِ
میں نے اسے جاری رکھا یہاں تک کہ خاندان نے مجھے چھوڑ دیا۔ میں خارش زدہ اونٹ کی طرح اکیلا رہ گیا۔
تَحامَتني: انہوں نے مجھ سے کنارہ کشی کی۔ الْمُعبَّدِ: خارش زدہ اونٹ جسے بیماری کے باعث دوسروں سے الگ رکھا جاتا ہے۔
فإنْ كُنْتَ لا تَسْطيعُ دَفعَ مَنِيَّتي ... فَدَعْني أُبادِرُها بِمَا مَلَكَتْ يَدِي
اگر تم میری موت کو مجھ سے دور نہیں کر سکتے تو مجھے چھوڑ دو کہ جو کچھ میرے ہاتھوں کی ملکیت ہے، میں اڑا دوں۔
مَنِيَّتي: میری موت۔ أُبادِرُها: میں آگے بڑھ کر خرچ کروں۔ عرب اگرچہ سیدنا ابراہیم و اسماعیل علیہما الصلوۃ والسلام کے پیروکار تھے مگر انہوں نے آخرت کو بالکل نظر انداز کر کے دنیا ہی سے زیادہ سے زیادہ مزہ کشید کرنے کی زندگی اپنا رکھی تھی۔
فَلَوْلا ثَلاثٌ هُنَّ من عِيشَةِ الفَتَى ... وَجَدِّكَ لَم أَحْفِلْ متَى قامَ عُوَّدي
اگر ایک جوان شخص کی زندگی میں یہ تین چیزیں (شراب، عورت اور کمزوروں کی مدد کرنا) نہ ہو تو تمہاری عزت کی قسم! مجھے اس کی پرواہ نہ ہو کہ موت کب آئے گی۔
لَم أَحْفِلْ: مجھے پرواہ نہیں ہے۔ عُوَّدي: میری واپسی یعنی موت۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قدیم عربوں میں اگرچہ برائیاں تھیں مگر کچھ خوبیاں بھی تھیں جیسے مظلوموں کی مدد کرنا۔
أَرَى قَبْرَ نَحَّامٍ بَخِيلٍ بِمَالِهِ ... كَقَبْرِ عَوِيٍ في البِطَالَةِ مُفْسِدِ
میں دیکھتا ہوں کہ کمینے اور مال کے بخیل کی قبر بھی ویسی ہی ہوتی ہے جیسی لذت پرست، بے روزگار، فضول خرچ کی۔
نَحَّامٍ: کمینہ۔ عَوِيٍ: لذت پرست۔ البِطَالَةِ: بے روزگار۔ یعنی جب دونوں کا انجام ایک سا ہے تو پھر دولت کیوں نہ لٹائیں۔ اسلام نے ان کے اس جذبے کو اللہ کی راہ میں غرباء کو دینے میں تبدیل کر دیا۔
أرى الْمَوتَ يَعتامُ الكِرامَ ويَصطَفي ... عَقيلَةَ مالِ الفاحِشِ الْمُتَشَدِّدِ
میں دیکھتا ہوں کہ موت سخیوں کا انتخاب کرتی ہے اور حد سے زیادہ متشدد بخیل کے اچھے مال کو بھی چھانٹ لیتی ہے۔
يَعتامُ: وہ انتخاب کرتا ہے۔ عَقيلَةَ: اچھا مال
أرى العَيشَ كَنْزًا ناقصًا كلَّ لَيلَةٍ ... وما تَنْقُص الأيَّامُ والدَّهرُ يَنفَدِ
میرا خیال ہے کہ زندگی ایک ایسا خزانہ ہے جو ہر رات کم ہو رہا ہے۔ جس چیز کو دن رات کم کریں، وہ ختم ہو کر ہی رہتی ہے۔
يَنفَدِ: وہ ختم ہو کر رہتا ہے۔

لَعَمرُكَ! إنَّ الْموتَ ما أَخطأَ الفتَى ... لكالطِّوَلِ الْمُرْخَى وثِنياهُ باليَدِ
تمہاری جان کی قسم! موت تو جوان لڑکے کی غلطی کی طرح ہے۔ یہ توڈھیلی رسی کی طرح ہے جس کے کنارے ہاتھ میں ہوں۔
الطِّوَلِ : رسی۔ الْمُرْخَى : ڈھیلی۔ ثِنياهُ : اس کے دو کنارے۔ یعنی زندگی تو بس اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ڈھیل ہے۔ اس کے کنارے تو اس کے کنٹرول میں ہیں۔ زندگی کی قسم کا یہ اسلوب قرآن میں بھی ہے: لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ۔
فَما لي أراني وابنَ عَمّيَ مالِكًا ... متى أَدْنُ منهُ يَنْأَ عَنّي ويَبْعُدِ؟
ایسا کیوں ہے کہ میرا چچازاد مالک مجھ سے کنارہ کشی کیے ہوئے ہے۔ جب میں اس کے قریب ہوتا ہوں تو وہ دور بھاگتا ہے۔
أَدْنُ : میں قریب ہوتا ہوں۔ يَنْأَ : وہ کنارہ کشی کرتا ہے۔ اس سے دونوں میں شدید دشمنی کا آغاز ہوا۔
لَعَمرُكَ ما أَمْري عليَّ بغُمَّةٍ ... نَهاري، ولا لَيلي عَليَّ بِسَرْمَدِ
تمہاری جان کی قسم! ان میں سے کوئی معاملہ مجھے تذبذب میں نہیں ڈال سکتا۔ نہ تو میرے دن اور نہ ہی راتیں ہمیشہ کے لئے طویل ہیں (کہ پریشانی کبھی ختم نہ ہو)۔
غُمَّةٍ : تذبذب۔ سَرْمَدِ : ہمیشہ کے لئے طویل۔ یہ ہمت اور بہادری کا اظہار ہے کہ پریشانیاں شاعر کے لئے کچھ نہیں۔
ستُبدي لكَ الأيّامُ ما كنتَ جاهِلًا ... وَيَأْتيكَ بالأخبارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ
جلد ہی وہ دن آئیں گے جن سے تم لاعلم تھے۔ وہ تمہارے پاس ایسی خبریں لائیں گے جن کے لئے تم نے تیاری نہ کر رکھی ہو گی۔
تُبدي : وہ ظاہر ہوں گے۔ یہ شاعر کا اپنے دشمنوں کو الٹی میٹم ہے۔
ويأتيكَ بالأنباءِ مَنْ لَمْ تَبِعْ لَهُ ... بَتاتًا ولَم تَضرِبْ لهُ وَقتَ مَوعِدِ
یہ تمہارے پاس ایسی خبریں لائیں گے جن کے لئے تم نے سامان نہ خریدا ہو گا اور نہ ہی وقت مقرر کر رکھا ہو گا۔
بَتاتًا : سامان، زاد۔ یہاں لفظ 'بیع' یعنی بیچنے کو خریدنے کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔

چیلنج!

آپ یہ دیکھ چکے ہیں کہ قدیم جاہلی شعراء خواتین، گھوڑوں اور بارش کو کس طرح بیان کیا کرتے تھے۔ اب آپ سورۃ الرحمن، سورۃ العادیات اور سورۃ الذاریات کا مطالعہ کیجیے اور ان کی بلاغت کا موازنہ شاعری سے کیجیے۔ اس سے آپ کو قرآن مجید کے معجزے کا اندازہ ہو گا۔

اس سبق میں ہم سبع معلقات کی باقی پانچ نظموں کے منتخب اشعار کا مطالعہ کریں گے۔

تعمیر شخصیت
پوری دنیا کو درست کرنے کے لئے اپنی قوم کو درست کرنا ضروری ہے۔ قوم کو درست کرنے کے لئے اپنے خاندان کو درست کرنا ضروری ہے اور خاندان کر درست کرنے کے لئے اپنے آپ کو درست کرنا ضروری ہے۔

مُعَلَّقَةُ زُهيْرِ بنِ أبِي سلمَى الْمُزنِيّ

زہیر بن ابی سلمہ (م ۶۱۵ء) کا شمار عرب کے عظیم ترین شعراء میں ہوتا ہے۔ ان کی شاعری بیہودگی اور فحاشی سے پاک ہے۔ وہ پہلے شاعر تھے جنہوں نے جنگ کی مخالفت کی اور امن کی ترغیب دی۔ اس کے برعکس دیگر شاعر نفرت اور جنگ کی آگ کو بھڑکانے میں مصروف رہے۔ ان کی شاعری حکمت و دانش اور فلسفے سے بھری پڑی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ سیدنا ابراہیم و اسماعیل علیہما الصلوۃ والسلام کے سچے دین پر قائم تھے اور توحید و آخرت پر ایمان رکھتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت ان تک پہنچنے سے پہلے ہی ان کی وفات ہو گئی۔ ان کے بیٹے کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ، جو خود بہت بڑے شاعر ہیں، ایمان لائے۔

زہیر کے زمانے میں قبیلہ عبس و ذبیان کے مابین گھڑ دوڑ کے ایک معمولی سے جھگڑے پر جنگوں کا ایسا سلسلہ شروع ہوا جو ۴۰ برس جاری رہا۔ گھوڑوں کے نام پر اس جنگ کا نام 'داحس و غبرا' پڑ گیا۔ ہزاروں خواتین ان جنگوں میں بیوہ ہوئیں اور ان کے بچے یتیم ہوئے۔ اس جنگ کے اثرات کو زہیر نے بہت محسوس کیا۔ انہوں نے اپنی شاعری کو جنگ سے نفرت دلانے اور امن کی ترویج کے لئے بھرپور استعمال کیا۔

أَمِنْ أُمِّ أَوْفَى دِمْنَةٌ لَم تَكلّمِ ... بِحَوْمَانَةِ الدّرَاجِ فالْمُتَثَلَّمِ

کیا یہ کچرے کا ڈھیر، جو دراج اور متثلم کے درمیان چٹانی علاقے میں ہے، ام اوفی کی جگہ پر بن گیا ہے جس نے بات تک نہ کی۔

دِمْنَةٌ : کچرے کا ڈھیر۔ حَوْمَانَةِ : چٹانی علاقہ۔ ام اوفی شاعر کی بیوی تھیں جو انہیں چھوڑ کر چلی گئیں۔

فَلَمّا عَرَفْتُ الدّارَ قُلْتُ لِرَبْعِهَا ... أَلَا انْعِمْ صَبَاحًا أَيُّهَا الرَّبْعُ واسْلَمِ

جب میں نے اس گھر کو پہچان لیا تو اس گھر سے کہا: 'اے گھر! صاحب نعمت ہو جا اور محفوظ رہ۔' الرَّبْعُ: گھر

فَأَقْسَمْتُ بِالبيْتِ الذي طَافَ حَوْلَهُ ... رِجَالٌ بَنَوْهُ مِنْ قُرَيْشٍ وجُرْهُمِ

میں نے اس گھر (کعبہ) کی قسم کھائی جس کے گرد قریش اور جرہم کے ان لوگوں نے طواف کیا، جنہوں نے اسے بنایا۔

يَمينًا لَنِعْمَ السَّيدَانِ وُجِدْتُّمَا ... عَلَى كُلِّ حَالٍ مِنْ سَحيْلٍ وَمُبْرَمِ

میں قسم کھاتا ہوں کہ یہ دو سردار بہت ہی اچھے ہیں۔ تم دونوں کو ہر کمزوری اور طاقت کی حالت میں اچھا ہی پایا گیا۔

سَحيْلٍ : کمزوری۔ مُبْرَمِ : فیصلہ کن طاقت۔ ان دو سرداروں نے ۳۰۰۰ اونٹ بطور دیت ادا کر کے جنگ کا خاتمہ کیا تھا۔

تَدَارَكْتُما عَبْسًا وذُبْيَانَ بَعْدَما ... تَفَانَوْا وَدَقّوا بَيْنَهم عِطرَ مَنْشَمِ
(دونوں سردارو!) تم نے عبس و ذبیان کے معاملے کا تدارک کیا، بعد اس کے انہوں نے ایک دوسرے کو مار مار کر فنا کر دیا اور منشم کا عطر استعمال کیا۔
تَفانَوْا : انہوں نے ایک دوسرے کو فنا کر دیا۔ دَقّوا : انہوں نے بری طرح مارا۔ مَنْشَمِ : جس خاتون نے جنگ بھڑکائی تھی۔
وَقَد قُلتُما إنْ نُدرِكِ السّلمَ واسِعًا ... بِمَالٍ وَمَعْرُوْفٍ مِنَ الأمرِ نَسْلَمِ
تم دونوں کہہ چکے ہو: 'اگر ہم مال دے کر مکمل صلح تک اچھے انداز میں پہنچ جائیں، تو ہم سلامت رہیں گے۔'
فَأَصْبَحْتُمَا مِنْها على خَيرِ مَوْطِنٍ ... بَعيدَيْنِ فيها مِنْ عُقُوقٍ وَمَأثَمِ
تو تم دونوں اس طرح بہترین مقام پر پہنچ گئے، اس حالت میں کہ تم دونوں ظلم اور گناہ سے کوسوں دور تھے۔
مَوْطِنٍ : جگہ۔ عُقُوقٍ : ناانصافی، ظلم
عَظِيْمَيْنْ في عُليا مَعَدٍ هُدِيْتُمَا ... وَمَنْ يَسْتَبحْ كَنْزًا مِنَ الْمَجْدِ يَعْظُمِ
تم دونوں عظیم ہو اور تم نے معد (بن عدنان) کی عظمت کو پا لیا ہے۔ جو بھی عظمت کے خزانے کو پا لے گا، عظیم ہو جائے گا۔
مَعَدٍ : عربوں کے بزرگ جو سیدنا اسماعیل علیہ الصلوۃ والسلام کے پڑپوتے تھے۔ يَسْتَبحْ : وہ جائز کر لے گا۔
تُعَفّى الكُلُومُ بالْمئِيْنَ وَأَصْبَحَتْ ... يُنَجّمُها مَنْ لَيْسَ فيهَا بِمُجْرِمِ
سینکڑوں (اونٹ) ادا کر کے زخموں کو مندمل کر دیا گیا۔ جو شخص مجرم نہ تھا، وہ بھی (دیت کی) قسطیں ادا کر رہا ہے۔
تُعَفّى : وہ مٹا دیا گیا۔ الكُلُومُ : زخم۔ يُنَجّمُ : وہ قسطیں ادا کرتا ہے۔
يُنَجّمُها قَومٌ لِقَوْمٍ غَرَامَةً ... وَلَمْ يُهَرِيقُوا بَيْنَهُمْ مِلءَ مِحْجَمِ
ایک قوم دوسری قوم کو جرمانے کی قسطیں ادا کر رہی ہے اگرچہ انہوں نے اپنے درمیان پچھنے لگانے والے کے برتن کے برابر بھی خون نہ بہایا ہو۔
يُهَرِيقُوا : انہوں نے خون بہایا۔ مِحْجَمِ : پچھنے لگانے والے کا آلہ
أَلاَ أَبْلِغِ الأَحْلافَ عَنّي رِسَالةً ... وَذُبْيَانَ: هَلْ أَقْسَمْتُمُ كُلَّ مُقْسَمِ
خبردار! میرا پیغام حلیفوں (بنو اسد و غطفان) اور ذبیان تک پہنچا دو: 'کیا تم نے پوری طرح کھالی ہے؟'
الأَحْلافَ : حليف کی جمع۔ اس سوال کا مقصد قسم کو پورا کرنے کی تلقین ہے۔

فَلاَ تَكْتُمُنَّ اللَّهَ ما في صُدُورِكُمْ ... لِيَخْفَى وَمَهْمَا يُكْتَمِ اللَّهُ يَعْلَمِ
جو تمہارے دل میں ہے، اللہ سے نہ چھپاؤ کیونکہ جو بھی تم چھپانے کی کوشش کروگے، وہ اسے جانتا ہے۔
يُؤَخَّرْ فَيُوضَعْ في كِتابٍ فَيُدَّخَرْ ... لِيَوْمِ الحِسابِ أو يُعَجَّلْ فَيُنْقَمِ
(قسم توڑنے کی سزا) کو موخر کیا جائے گا۔ اسے ایک کتاب میں لکھ کر اس حساب کے دن کے لئے ذخیرہ کر لیا جائے گا۔ یا پھر اسی سزا دینے میں جلدی کی جائے گی۔ (معلوم ہوتا ہے کہ شاعر آخرت پر ایمان رکھتے تھے)۔
وَمَا الحَرْبُ إلاّ ما عَلِمْتُمْ وَذُقْتُمُ ... وَمَا هُوَ عَنْهَا بالحَديثِ الْمُرَجَّمِ
جنگ اس کے سوا کچھ نہیں جو تم جانتے ہو اور جس کا ذائقہ چکھ چکے ہو۔ یہ بات محض اٹکل پچو نہیں ہے۔ الْمُرَجَّمِ: اٹکل پچو۔
متَى تَبْعَثُوها تَبْعَثُوهَا ذَمِيْمَةً ... وَتَضْرَ إذا ضَرّيْتُمُوها فَتَضْرَمِ
جب تم اسے (جنگ کو) بھڑکانے کی کوشش کروگے تو یہ بہت بری بھڑکے گی۔ جب تم اس (آگ کو) جلانے کی کوشش کروگے تو یہ تمہیں ہی جلا ڈالے گی۔ ضَرّيْتُمُوها: تم نے اسے جلایا۔ فَتَضْرَمِ: یہ جلا دے گی۔
فَتَعْرُكُكُمْ عَرْكَ الرِّحَى بِثِفَالِها ... وَتَلْقَحْ كِشَافاً ثُمَّ تُنْتَجْ فَتُتْئِمِ
یہ تمہیں چکی کے پاٹوں کے درمیان پسنے کی طرح پیس ڈالے گی۔ پھر واضح طور پر یہ حاملہ ہو کر جڑواں بچے بھی پیدا کرے گی۔
تَعْرُكُ: یہ تمہیں پیس دے گی۔ الرِّحَى: چکی۔ ثِفَالِ: پاٹ۔ تَلْقَحْ: یہ حاملہ ہوگی۔ كِشَافاً: واضح طور پر۔ تُنْتَجْ: یہ پیدا کرے گی۔ تُتْئِم: جڑواں بچے۔ شاعر نے جنگ کو دو چیزوں سے تشبیہ دی ہے: چکی سے جو ہر چیز کو پیس دیتی ہے۔ اور جڑواں بچوں کی ماں سے یعنی اس کے نتائج دوگنا ہوتے ہیں۔
فَتُنْتِجْ لَكُمْ غِلْمَانَ أَشْأَمَ كَلُّهُمْ ... كَأَحْمَرِ عَادٍ ثُمَّ تُرْضِعْ فَتَفْطِمِ
یہ تمہارے لئے دو لڑکے پیدا کرے گی جو کہ سرخ رو قوم عاد کی طرح منحوس ہوں گے۔ پھر یہ انہیں دودھ پلائے گی اور پھر دودھ چھڑائے گی بھی۔
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب عاد و ثمود کی تاریخ سے پوری طرح واقف تھے۔ قرآن مجید نے اس تاریخ کو ان کے ذہنوں کی تبدیلی کے لئے استعمال کیا۔
فَتُغْلِلْ لَكُمْ ما لا تُغِلُّ لأهْلِهَا ... قُرىً بِالعِراقِ مِنْ قَفِيْزٍ وَدِرْهَمِ
پھر یہ اتنی زیادہ پیداوار دے گی جتنے عراق کے گاؤں گندم اور درہم پیدا نہیں کرتے۔ (یعنی جنگ کے اثرات اتنے زیادہ ہوں گے کہ عراق کی زرخیز زمینوں کی پیداوار اس کے سامنے ماند پڑ جائے گی۔)

لَعَمْري لَنِعْمَ الحيُّ جَرَّ عَلَيْهِمُ ... بما لا يُؤاتِيهِمْ حُصَيْنُ بْنُ ضَمْضَمِ

میری زندگی گواہ ہے کہ سب سے اچھا قبیلہ وہ ہے جن پر حصین بن ضمضم نے (دیت کا) وہ بوجھ لاد دیا جو مناسب نہ تھا۔

یعنی یہ اتنے اچھے لوگ ہیں کہ انہوں نے جنگ کے خاتمے کے لئے دیت کی ادائیگی منظور کر لی۔ حصین نے اپنے قبیلے کی مخالفت کے باوجود قبیلہ بنو عبس کا ایک آدمی مار دیا تھا۔ اس کے باوجود اس کے قبیلے نے دیت کی ادائیگی کو قبول کر لیا۔

لَدَى أَسَدٍ شاكي السِّلاحِ مُقَذَّفٍ ... لَهُ لِبَدٌ أَظْفَارُهُ لَمْ تُقَلَّمِ

اس کے سامنے ایک ایسا شیر تھا جو اسلحہ پہنے ہوئے تھا اور جنگجو تھا۔ اس کی گردن کے بال لمبے تھے اور ناخن تراشے ہوئے نہیں تھے۔

شاكي السلاحِ : اسلحہ پہننے والا۔ مُقَذَّفٍ : جنگوں میں حصہ لینے والا۔ لِبَدٌ : گردن کے بال۔ تُقَلَّمِ : قلم کیے گئے، تراشے گئے۔ شاعر نے حصین کی جنگجو طبیعت کے باعث شیر کا استعارہ استعمال کیا ہے۔

جَرِيءٍ مَتَى يُظْلَمْ يُعَاقِبْ بِظُلْمِهِ ... سَرِيعاً وإلاّ يُبْدَ بالظُّلْمِ يَظْلِمِ

وہ بہادر ہے۔ جب اس پر ظلم کیا جائے تو وہ اپنے ظلم کا انتقام جلد لے لیتا ہے۔ اگر اس پر ظلم نہ کیا جائے تو پھر وہ خود ظلم شروع کر دیتا ہے۔

یہ اس پر تعریض ہے کہ اگر اس پر ظلم نہ ہو تو وہ خود ایسا شروع کر دیتا ہے یعنی ہر حال میں لڑنے مرنے پر تیار رہتا ہے۔

فَكُلاً أَراهُمْ أَصْبَحُوا يَعْقِلُونَهُ ... صَحِيحَاتِ مالٍ طَالِعاتٍ بِمَخْرِمِ

میں ان سب کو دیکھتا ہوں کہ وہ اپنے بہترین مال سے دیت کی ادائیگی کر رہے ہیں، ایسا مال جو پہاڑوں پر چڑھ جایا کرتا تھا۔

يَعْقِلُونَ : وہ دیت ادا کرتے ہیں۔ طَالِعاتٍ بِمَخْرِمِ : پہاڑوں پر چڑھنے والے۔ یعنی حصین کی جنگجو طبیعت کے باعث اس کے قبیلے کو اپنے بہترین اونٹ بطور دیت ادا کرنا پڑے۔ چونکہ عربوں کے ہاں سب سے اچھا مال اونٹ ہی تھا، اس لئے دیت کی ادائیگی اونٹوں ہی میں ہوا کرتی تھی۔

لَحَيٍ حِلاَلٍ يَعْصِمُ النّاسَ أَمْرُهُمْ ... إذا طَرَقَتْ إحدى اللّيالي بِمُعْظَمِ

یہ ایسا قبیلہ ہے جو لوگوں کو ان کے معاملات میں محفوظ رکھتا ہے، اس وقت بھی جب (مصائب کی) رات بڑی مصیبتوں کے ساتھ آ جائے۔

كِرامٍ فَلا ذُو الضِّغْنِ يُدْرِكُ تَبْلَهُ ... وَلاَ الجارِمُ الجَانِي عَلَيْهِمْ بِمُسْلَمِ

وہ اتنے باعزت ہیں کہ کینہ پرور آدمی بھی ان کے خلاف کینہ نہیں رکھ سکتا۔ اور نہ ہی ان کے خلاف جرم و نقصان کرنے والا محفوظ رہ سکتا ہے۔ ذُو الضِّغْنِ : کینہ پرور۔ الجارِمُ الجَانِي : جرم کرنے والا اور نقصان کرنے والا

سَئِمْتُ تَكَالِيْفَ الحَيَاةِ ومَنْ يَعِشْ ... ثَمَانِينَ حَوْلاً لا أَبَا لكَ يَسْأَمِ

میں زندگی کی تکالیف سے تنگ آگیا ہوں۔ جو شخص ۸۰ سال زندہ رہے، (تو وہ تنگ نہیں ہو گا تو کیا ہو گا)۔ تمہارا باپ نہ رہے۔

سَئِمْتُ: میں تنگ آگیا ہوں۔ لا أَبَا لكَ: یہ بوریت کو ظاہر کرنے کا اسلوب ہے۔

وأَعْلَمُ مَا في اليَوْمِ وَالأَمْسِ قَبْلَهُ ... وَلَكِنَّنِي عَنْ عِلمِ ما في غَدٍ عَمِ

جو کچھ آج یا گزرے ہوئے کل میں ہے، وہ تو میں جانتا ہوں مگر آنے والے کل کے بارے میں میں نابینا ہوں۔

وَمَنْ لَم يُصانِعْ في أُمُورٍ كَثِيْرَةٍ ... يُضَرَّسْ بِأَنْيَابٍ وَيُوْطَأْ بِمَنْسِمِ

جو شخص اکثر معاملات میں (خوشامد اور) بناوٹ سے کام نہیں لیتا، اسے نوکیلے دانتوں سے چبایا جاتا ہے اور جوتے کے تلے کے نیچے مسلا جاتا ہے۔

لَم يُصانِعْ: وہ تصنع یا بناوٹ نہیں کرتا۔ يُضَرَّسْ: اسے چبایا جاتا ہے۔ أَنْيَابٍ: نوک والے دانت۔ مَنْسِمِ: جوتے کا تلہ۔ شاعر نے اپنا تجربہ بیان کیا ہے سچے اور کھرے آدمی کو پسند نہیں کیا جاتا اور بناوٹ اور خوشامد کرنے والوں کو پسند نہیں کیا جاتا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آدمی ایسا شروع کر دے، یہ ان لوگوں کے رویوں پر تنقید ہے جو خوشامدیوں اور منافقت کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں۔

وَمَنْ يَكُ ذَا فَضْلٍ، فَيَبْخَلْ بِفَضلِهِ ... على قَوْمِهِ يُسْتَغْنَ عَنْهُ وَيُذْمَمِ

جو شخص (اللہ کے) فضل (یعنی دولت) والا ہو اور اور اپنی دولت کو قوم پر خرچ کرنے میں بخل کرے اس کی پرواہ نہیں کی جاتی اور اس کی مذمت کی جاتی ہے۔

وَمَنْ يُوفِ لا يُذْمَمُ وَمَنْ يُهدَ قَلْبُه ... إلى مُطْمَئِنِّ البِرِّ لا يَتَجَمْجَمِ

جو اپنا وعدہ پورا کرے، اس کی مذمت نہیں ہوتی۔ جس شخص کا دل اطمینان بخش نیکی طرف مائل ہو، وہ اناپ شناپ نہیں بکتا۔
يَتَجَمْجَمِ: وہ فضول بکواس کرتا ہے۔

وَمَنْ هابَ أَسبابَ الْمَنايا يَنَلْنَهُ ... وَلَو رَامَ أَسْبَابَ السَّماءِ بِسُلَّمِ

موت کے اسباب اس تک پہنچ جاتے ہیں جو اس سے ڈرتا ہو خواہ وہ سیڑھی لگا کر آسمان پر ہی کیوں نہ چڑھ جائے۔

وَمَنْ لَمْ يَذُدْ عَنْ حَوْضِهِ بِسِلاَحِهِ .... يُهَدَّمْ وَمَنْ لاَ يَظلِمِ النّاسَ يُظْلَمِ

جو شخص اپنے حوض سے اسلحے کے ذریعے لوگوں کو دور نہیں کرتا، اسے کھینچ اتارا جاتا ہے۔ اور جو لوگوں پر زور آزمائی نہیں کرتا، اس پر ظلم کیا جاتا ہے۔

لَمْ يَذُدْ: وہ نہیں ہٹاتا / دور نہیں کرتا۔ حَوْضِ: تالاب۔ اسے زیر ملکیت اشیا کے استعارے کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔

وَمَنْ يَغْتَرِبْ يَحْسَبْ عَدُوّاً صَدِيْقَهُ ... وَمَنْ لا يُكَرِّمْ نَفْسَه لا يُكَرَّمِ

جو شخص سفر کرتا ہے اور (سفر میں انجان شخص کو جو) دشمن ہو، اپنا دوست سمجھ بیٹھتا ہے (اسے نقصان پہنچ کر رہتا ہے)۔ جو اپنی عزت نہیں کرتا، اس کی عزت نہیں کی جاتی۔

يَغْتَرِبْ: وہ سفر کرتا ہے۔ عربی کے عام اسلوب کے تحت طے شدہ الفاظ کو حذف کر دیا گیا ہے۔

وَمَنْ يَجْعَلِ المَعروفَ في غَيْرِ أَهْلِهِ ... يَكُنْ حَمْدُهُ ذَمَّاً عَلَيْهِ وَيَنْدَمِ

جو شخص نااہلوں (کمینوں) کے ساتھ اچھا کرتا ہے، اس کی تعریف، مذمت میں بدل جاتی ہے اور اسے نادم ہونا پڑتا ہے۔

یعنی کسی کے ساتھ بھلائی کرنے سے پہلے انسان کو اس کا ظرف دیکھ لینا چاہیے۔ کم ظرف لوگوں کے ساتھ بھلائی سے اکثر اپنا ہی نقصان ہوتا ہے۔ میاں محمد بخش نے پنجابی میں اس مفہوم کو یوں ادا کیا ہے:

نیچاں دی اشنائی کولوں فیض کسے نہ پایا۔۔۔ کیکر سے انگور چڑھاکے ہر بوٹا زخمایا: یعنی کم ظرفوں کے ساتھ آشنائی سے کسی کو فائدہ نہیں ہوتا۔ کیکر پر انگور کی بیل چڑھانے سے ہر ہر دانے میں سوراخ ہی ہوتا ہے۔

وَمَهْمَا تَكُنْ عِنْدَ امرِىءٍ مِنْ خَلِيْقَةٍ .... وإنْ خَالَها تَخْفَى على النَّاسِ تُعلَمِ

جس کسی شخص کی کوئی عادت بن جاتی ہے، تو اسے جان لیا جاتا ہے خواہ وہ خیال کرے کہ وہ لوگوں سے اسے چھپا لے گا۔

وكَائِنْ تَرَى مِنْ صامِتٍ لكَ مُعْجِبٍ ... زِيَادَتُهُ أَوْ نَقْصُهُ في التَّكَلُّمِ

ہو سکتا ہے کہ تمہیں کوئی خاموش شخص بڑا اچھا لگے۔ مگر اس کی خوبیوں اور خامیوں کا اندازہ تو بات کرنے سے ہی ہوتا ہے۔

لِسانُ الفَتَى نِصْفٌ وَنِصفٌ فُؤادُهُ ... فَلَمْ يَبْقَ إلا صُورَةُ اللّحمِ والدّمِ

لڑکے کی زبان اس کا نصف ہے اور باقی نصف اس کا دل ہے۔ اگر یہ باقی نہ رہیں تو پھر تو گوشت اور خون کی صورت ہی باقی بچتی ہے۔

وَإِنَّ سَفاهَ الشَّيْخِ لا حِلْمَ بَعْدَهُ ... وإنَّ الفَتى بَعْدَ السَّفاهَةِ يَحْلُمِ

اگر بوڑھا آدمی بے وقوفی کرے تو پھر اس کے بعد خود پر کیا کنٹرول رہے گا۔ ہاں اگر جوان لڑکا بے وقوفی کرے تو وہ حلیم و بردبار بن جاتا ہے۔

سأَلْنَا فَأَعْطَيْتُمْ وَعُدْنَا فَعُدْتُمُ ... وَمَنْ يُكْثِرِ التّسْآلَ يَوماً سَيُحْرَمِ

ہم نے مانگا، تم نے دیا۔ ہم نے پھر مانگا، تم نے پھر دیا۔ جو کثرت سے مانگتا ہے، ایک دن اسے انکار ہو کر رہتا ہے۔

چیلنج! قریب اور دور کے لئے استعمال ہونے والے اسم اشارۃ کے مجازی استعمال کی مختلف صورتیں بیان کیجیے۔

مُعَلَّقَةُ لبيدِ بن ربيعة العامريّ

لبید (م ۴۰ھ / ٦٦٠ء) رضی اللہ عنہ دور جاہلیت کے بڑے شاعر تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر انہوں نے اسلام قبول کر لیا۔ مستشرق اے جے آربیری سبع معلقات کی شرح میں ان کا ایک واقعہ لکھتے ہیں: دوسرے خلیفہ، عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: 'لبید! اپنی کچھ شاعری تو سناؤ۔' انہوں نے سورۃ بقرہ، جو مقدس کتاب کی سب سے لمبی سورت ہے پڑھنا شروع کر دی اور عمر سے کہا: 'جب سے اللہ نے مجھے سورۃ بقرۃ سکھائی ہے، میں نے کبھی شعر نہیں کہا۔' کتنی توجہ اور محنت سے انہوں نے اپنی قسم کو برقرار رکھا، اس دور میں جب ایمان کے بارے میں ایسا جذبہ تھا جو پہاڑوں کو اپنی جگہ سے ہلا دے۔'

(A. J. Arberry, The Seven Odes)

عَفَتِ الدِّيَارُ مَحلّها فَمُقَامُها ... بِمنًى تَأَبّدَ غَوْلُها فرِجَامُهَا

منٰی میں اس کے رہنے کی عارضی و مستقل جگہ کے آثار مٹ گئے۔ غول اور رجام کے مقامات پر (اس کی رہائش کے مقامات) بے آباد ہو گئے۔

عَفَتِ : وہ مٹ گیا۔ تَأَبّدَ : وہ بے آباد ہو گیا۔ شاعر کی محبوبہ کوئی خانہ بدوش تھی۔ جب وہ اپنے قبیلے کے ساتھ ایک مقام سے دوسرے مقام پر چلی گئی تو آثار مٹتے چلے گئے۔

دِمَنٌ تَجَرَّمَ بَعْدَ عَهْدِ أَنِيسِها ... حِجَجٌ خَلَوْنَ حَلاَلُها وَحَرامُهَا

یہ وہ کھنڈرات ہیں جن کے مکینوں کے یہاں سے جانے کے بعد یہ خالی رہ گئے اور حلال و حرام مہینوں والے کئی سال گزر گئے۔

دِمَنٌ : کھنڈرات۔ تَجَرَّمَ : وہ گزر گیا۔ أَنِيسِها : اس کے مکین۔ حِجَجٌ : سال۔ عرب حج سے سالوں کی گنتی کرتے تھے۔ اس طرح حج کا لفظ 'سال' کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔ خَلَوْنَ : وہ خالی ہو گئے۔ سیدنا ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کی شریعت میں چار مہینے ایسے تھے جن میں ہر قسم کی لڑائی ممنوع تھی تاکہ لوگ حج و عمرہ کی ادائیگی کر سکیں۔ اپنی گمراہیوں کے باوجود عرب ہمیشہ ان کا احترام کرتے رہے۔

وَجَلاَ السّيولُ عَنِ الطّلُولِ كَأَنّها ... زُبُرٌ تُجدّ مُتُونَها أَقْلاَمُهَا

سیلابوں نے ان آثار کو اس طرح تازہ کر دیا جیسے قلم پھیر کر کتابوں کے متن کو تازہ کیا جاتا ہے۔

الطّلُولِ : کھنڈرات۔ زُبُرٌ : کتابیں۔ تُجدّ : انہیں جدید / تازہ کیا گیا۔ ہاتھ سے لکھی گئی کتابوں کی لکھائی جب ماند پڑتی تو تحریر پر قلم پھیر کر اسے تازہ کر دیا جاتا ہے۔ لفظ 'زبر' قرآن مجید میں بھی آیا ہے: وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ۔ یہ زبور کی جمع ہے جس کا معنی ہے 'کتاب'۔ سیدنا داؤد علیہ الصلوۃ والسلام کی کتاب کو بھی اسی وجہ سے زبور کہا جاتا ہے۔

مطالعہ کیجیے! دینی احکام کا ظاہری ڈھانچہ اہم ہے مگر ان کی اصل روح زیادہ اہم ہے۔
http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU02-0017-Spirit.htm

مَشْمُولَةٍ غُلِثَتْ بِنابِتِ عَرْفَجٍ ... كَدُخانِ نارٍ سَاطِعٍ أَسْنَامُهَا
(میرے دل کی آگ ایسی ہے جیسے) شمالی ہوا اس پر چلی ہو اور عَرْفَج درخت کی تازہ شاخیں اس پر ڈال دی گئی ہوں۔ اس کا دھواں اس آگ کی طرح بلند ہوتا ہے جس کے شعلے بلند اور چمکدار ہوں۔
مَشْمُولَةٍ : شمالی ہوا۔ غُلِثَتْ : اس میں رکھے یا ڈالے گئے۔ نَابِتِ : عَرْفَج کی شاخیں۔ سَاطِعٍ : چمکدار۔ أَسْنَامُهَا : اس کے شعلے۔ شمالی ہوا زیادہ دھواں پیدا کرتی ہے۔ تازہ شاخیں بھی زیادہ دھواں پیدا کرتی ہیں۔ مفہوم یہ ہے کہ دل کی آگ سے بہت زیادہ دھواں نکل رہا ہے۔
يَعْلُو طَرِيقَةَ مَتْنِها مُتواتِراً ... في لَيْلَةٍ كَفَرَ النّجُومَ غَمَامُهَا
رات کو متواتر بارش اس (گائے) کی پیٹھ کی لکیر پر برستی رہی جب بادلوں نے ستاروں کو ڈھانکا ہوا تھا۔
يَعْلُو : اس سے بلندی پر۔ طَرِيقَةَ مَتْنِها : کمر کی لکیر یعنی گائے وغیرہ میں کمر کا سب سے اوپری حصہ۔ مُتواتِراً : مسلسل، متواتر۔ كَفَرَ : اس نے ڈھانک لیا۔ یہاں شاعر نے صحرا کی تیز بارش کی تصویر کشی کی ہے۔ شاعر اپنا شکار کا ایک قصہ سنا رہے ہیں جس کے دوران تیز بارش ہو گئی۔ صحرا میں بارش بہت کم ہوتی ہے مگر جب ہوتی ہے تو سیلاب ہی آتا ہے۔
بَلْ أَنْتِ لاَ تَدْرِينَ كَمْ مِنْ لَيْلَةٍ ... طَلْقٍ لَذِيذٍ لَهْوِهَا وَنِدَامُهَا
تمہیں یہ معلوم نہیں کہ کتنی ہی مزے دار راتیں میں کھیل کود اور شراب نوشی میں بلا روک ٹوک گزار چکا ہوں۔
طَلْقٍ : کھلی، جس میں روک ٹوک نہ ہو۔ نِدَامُ : شراب پینے والے ساتھی۔ واحد ندیم۔
وَغَدَاةِ رِيحٍ قَدْ وَزَعتُ، وَقِرّةٍ ... إذْ أَصْبَحَتْ بِيَدِ الشَّمالِ زِمَامُهَا
صبح کی بہت سی ٹھنڈی ہواؤں کے سامنے میں ڈٹا رہا، جب اس کی زمام کار شمالی ہواؤں کے ہاتھ میں تھی۔
وَزَعتُ : میں ڈٹا رہا۔ قِرّةٍ : سرد۔ عرب شمالی ہواؤں کو پسند نہیں کیا کرتے تھے کیونکہ یہ صحت پر منفی اثرات مرتب کیا کرتی تھیں اور ان کے نتیجے میں قحط بھی آ جایا کرتا تھا۔ شاعر اپنا آئیڈیل کیریکٹر بیان کر رہے ہیں کہ وہ شمالی ہواؤں کے قحط میں لوگوں کو بچانے اور انہیں خوراک فراہم کرنے کا کام کیا کرتے تھے۔
وَلَقَدْ حَمَيتُ الْخَيْلَ تَحْمِلُ شِكّتِي ... فُرُطٌ وِشاحِي، إذ غَدَوْتُ، لِجَامُهَا
صبح کے وقت میں نے (قبیلے کی) حمایت گھوڑے پر کی جبکہ اس کی لگامیں ہی میرا رومال تھیں اور میں ہتھیار اٹھائے ہوئے تھا۔
حَمَيتُ : میں نے حمایت کی۔ شِكّتِي : میرے ہتھیار۔ فُرُطٌ : بہت زیادہ، افراط سے۔ وِشاحِي : میرا اسکارف یا رومال۔ لِجَامُهَا : اس کی لگامیں۔ عرب کا سب سے مقدس فرض قبیلے کی حمایت و نصرت تھی۔ شاعر نوجوانوں کو اس طرح اس مقصد کے لئے تیار کر رہے ہیں۔ بغیر کسی زین کے گھوڑے کو محض اپنے رومال کی مدد سے کنٹرول کرنا بہادری کی علامت ہے۔

فَعلَوْتُ مُرْتَقَباً على ذي هَبْوَةٍ ... حَرِجٍ إلى أَعلامِهِنّ قَتَامُهَا
(قبیلے کی حفاظت کے لئے) میں نے ایسی پہاڑی پر گھات لگائی جو کہ تنگ راستے والی اور گرد و غبار سے پر تھی۔ یہ غبار ان کے جھنڈوں جتنا بلند تھا۔
مُرْتقَباً : گھات لگانے والا۔ ذي هَبْوَةٍ حَرِجٍ : تنگ راستے اور گرد و غبار والی۔ أَعلامِهِنّ : ان کے جھنڈے۔ قَتَامُهَا : اس کے جھنڈے۔ یعنی گرد و غبار اتنا تھا کہ دشمن فوج کے جھنڈوں کی بلندی تک پہنچ گیا تھا۔
وَجَزُورِ أَيْسَارٍ دَعَوْتُ لَحَتْفِها ... بِمَغَالِقٍ مُتَشابِهٍ أَعْلاَمُهَا
میں نے (اپنے دوستوں کو) بلایا تاکہ ہم اونٹوں کو ذبح کرنے کے بعد ان کے مردہ جسموں پر ایک جیسی شکل والے تیروں کی مدد سے جوا کھیلیں۔
جَزُورِ : ذبح شدہ اونٹ۔ أَيْسَارٍ : جوا۔ حَتْفِها : اس کی موت۔ مَغَالِقِ : تیر۔ أَعْلاَمُهَا : اس کی شکل۔ عربوں کے امیر لوگوں کی یہ عادت تھی کہ وہ خاص طور پر قحط کے موسم میں شراب اور جوئے کی پارٹیاں منعقد کرتے۔ اونٹوں کو ذبح کر کے ان کے گوشت پر جوا کھیلتے اور جیتا ہوا گوشت غرباء میں تقسیم کر دیتے۔ عرب ایسی پارٹیوں پر فخر کرتے اور ان سے اپنی سخاوت کی نمائش کیا کرتے تھے۔ جب قرآن مجید نے شراب و جوئے سے منع فرمایا تو عربوں کو حیرت ہوئی کہ یہ تو سخاوت کا کام تھا۔ قرآن مجید نے ان پر زور دیا کہ غرباء کی مدد تو نیکی ہے اور وہ کرنی چاہیے مگر شراب اور جوئے سے بچنا چاہیے کیونکہ یہ شیطانی کام ہیں۔
أَدْعُو بِهِنَّ لِعَاقِرٍ أَوْ مُطفِلٍ ... بُذِلَتْ لِجيرانِ الجَميعِ لِحَامُهَا
میں نے انہیں بانجھ اور بچے والی اونٹنیوں کے ساتھ بلایا تاکہ ان کا پورا گوشت (غریب) ہمسایوں پر خرچ کیا جا سکے۔
عَاقِرٍ : بانجھ۔ مُطفِلٍ : بچے والی۔
فالضّيفُ والجارُ الغَريبُ، كأنّما ... هَبَطا تَبَالَةَ، مُخصِباً أَهْضامُهَا
مہمان اور اجنبی ہمسائے ایسے ہو گئے گویا وہ (وادی) تبالہ میں آ اترے ہوں جس کی پہاڑیاں زرخیز ہیں۔
مُخصِباً : زرخیز۔ أَهْضامُهَا : اس کی پہاڑیاں۔ غریب مہمان اور ایسے ہمسائے جو رشتے دار بھی نہ تھے، اس گوشت کے باعث ایسے آسودہ ہو گئے گویا کہ وہ کسی زرخیز وادی میں رہا کرتے ہوں۔
تَأْوِي إلى الأَطنَابِ كلُّ رَذّيَةٍ ... مِثْلِ البَلِيّةِ، قَالِصٍ أَهْدَامُهَا
ہر مصیبت زدہ غریب خاتون، جس کے پاس پورا لباس بھی نہ ہو، (میرے) خیموں کی طنابوں میں پناہ لیتی ہے۔
تَأْوِي : وہ پناہ لیتی ہے۔ الأَطنَابِ : خیمے کی طنابیں۔ رَذّيَةٍ : غریب خاتون۔ البَلِيّةِ : مصیبت زدہ۔ قَالِصٍ : کم۔ أَهْدَامُهَا : پہننے کے کپڑے۔ پورا لباس نہ ہونا مصیبت زدہ اور غریب ہونے کی علامت ہے۔

وَيُكَلَّلُونَ، إذا الرياحُ تَنَاوَحَتْ ... خُلُجاً، تُمَدّ شَوَارِعاً أَيْتَامُهَا
جب ہر سمت سے (بنجر) ہوائیں چلتی ہیں، تو یتیموں کے سڑکوں جیسے برتنوں کو پورا بھر دیا جاتا ہے۔
يُكَلَّلُونَ : انہیں بھر دیا جاتا ہے۔ تَنَاوَحَتْ : وہ چلتی ہے۔ شَوَارِعاً : سڑکیں۔ خُلُجاً : ہر سمت سے
إنَّا إذا التَقَتِ الْمَجَامِعُ لَمْ يَزَلْ ... مِنّا لِزَازُ عَظِيمَةٍ، جَشّامُهَا
جب گروہ (جنگ کے لئے) ملتے ہیں تو ہم میں ہر بڑے کام کی پریشانیوں کو برداشت کرنے والے موجود رہتے ہیں۔
زَازُ : بڑا کام۔ جَشّامُهَا : اس کی پریشانیاں۔ یہ الفاظ قرآن میں بھی آئے ہیں: وَمَآ أَنزَلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ
وَمُقَسِّمٌ يُعْطي العَشيرةَ حَقَّها ... وَمُغَذْمِرٌ لِحُقُوقِها، هَضَّامُهَا
(ہمارے قبیلے میں) ایک تقسیم کرنے والا ہے جو ہر خاندان کو اس کا حق دیتا ہے۔ وہ فیصلے والا سردار اپنے حقوق کو کم کر دیتا ہے۔
مُغَذْمِرٌ : کم کرنے والا۔ هَضَّامُهَا : فیصلے کرنے والا سردار
فَضلاً، وذو كَرَمٍ يُعِينُ على النّدى ... سَمْحٌ كَسُوبُ رَغائبٍ غَنّامُهَا
وہ ایسا اپنے فضل سے کرتا ہے۔ وہ کھلے ہاتھ والا ہے اور سخاوت سے مدد کرتا ہے۔ وہ دل کا اچھا ہے، وہ مال غنیمت میں ایسی چیزیں کما کر (قبیلے کو) دیتا ہے جن میں سب کو رغبت محسوس ہوتی ہے۔
النّدى : سخاوت۔ سَمْحٌ : اچھے دل کا۔ كَسُوبُ : کمانے والا۔ رَغائبٍ : رغبت والی چیزیں۔ غَنّامُ : مال غنیمت
مِنْ مَعشَرٍ سَنَّتْ لَهُمْ آباؤُهُمْ ... وَلِكُلّ قَوْمٍ سُنّةٌ، وَإمَامُهَا
اس معاشرے کے لئے، ان کے آباؤ اجداد نے ایک سنت جاری کر دی ہے۔ ہر قوم کا ایک رواج اور ایک لیڈر ہوا کرتا ہے۔
سَنَّتْ : انہوں نے سنت جاری کی۔ راستہ یا رسم و رواج جاری کرنے کو سنت کہا جاتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو پریکٹس جاری فرمائی، اسے سنت نبوی کہا جاتا ہے۔
لا يَطبَعُونَ، ولا يَبُورُ فِعَالُهُمْ ... إذْ لاَ تَميلُ مَعَ الهَوَى أَحْلاَمُهَا
وہ خود کو (برائیوں میں) نہیں ڈھالتے۔ وہ اپنے کارناموں کو ضائع نہیں کرتے کیونکہ ان کی عقلیں حرص و ہوس کی جانب مائل نہیں ہوتیں۔
يَطبَعُونَ : وہ ڈھالتے ہیں۔ يَبُورُ : وہ ضائع یا بے کار کرتے ہیں۔ أَحْلامُ : عقلیں۔

مُعَلَّقَةُ لِعنتَرَة بن شدّاد العَبسِيّ

عنترہ (م ۶۱۵ء) کا تعلق بنو عبس سے تھا۔ اس کا باپ قبیلے کا سردار اور ماں ایک لونڈی تھی۔ ایسے بچوں کو عرب میں غلام ہی کا درجہ دیا جاتا ہے۔ ایک جنگ میں عنترہ بہادری سے لڑا تو باپ نے اسے آزاد کر کے دوسرے بیٹوں کے برابر رتبہ دیا۔ اس نے داحس و غبرا کی مشہور جنگوں میں حصہ لیا جو ۴۰ برس جاری رہیں اور ان میں ہزاروں لوگ مارے گئے۔

هَلْ غَادَرَ الشّعراءُ مِنْ مُتَرَدَّمِ؟ ... أَمْ هَلْ عَرَفتَ الدّارَ بَعدَ تَوَهّمِ؟

کیا (پچھلے) شعراء نے کوئی گنجائش چھوڑی ہے؟ (جس میں میں طبع آزمائی کروں)۔ یا تم وہم و شک ہونے کے بعد (محبوبہ کے) اس گھر کو پہچانتے ہو؟ غَادَرَ: اس نے چھوڑا۔ مُتَرَدَّمِ: گنجائش

حَلّتْ بأرْضِ الزّائرينَ، فأَصْبَحَتْ ... عَسِراً عليّ طِلابُكِ ابنةَ مَخْرَمِ

وہ دشمنوں کی زمین پر جا بسی۔ تمہارا مطالبہ پورا کرنا میرے لئے مشکل ہو گیا ہے، اے مخرم کی بیٹی۔

حَلّتْ: اس نے رہنا شروع کر دیا۔ الزّائرينَ: زیارت کرنے والے (دشمن)۔ طِلابُكِ: تمہارا مطالبہ

إن كُنتِ أَزْمعتِ الفِراقَ، فإنّما ... زُمّتْ رِكابُكُمُ بِلَيْلٍ مُظلمِ

اگر تم نے فراق کا ارادہ کر ہی لیا ہے اور تاریک رات میں تمہاری سواریوں (کے کجاوے) کس ہی دیے گئے ہیں (تو میں اسی پہلے سے توقع کر ہی رہا تھا)۔

أَزْمعتِ: تم نے ارادہ کر ہی لیا ہے۔ زُمّتْ: اسے باندھا گیا۔ شاعر نے شرط بیان کر کے جواب شرط کو حذف کر دیا ہے۔ قرآن اور کلام عرب میں اس کی مثالیں عام ہیں۔

أو رَوضَا أُنُفاً تَضَمّنَ نَبتَها ... غَيثٌ قليلُ الدِّمنِ، لَيسَ بِمعَلَمِ

(محبوبہ کے ساتھ وقت گزارنا) ایسے شاندار باغ کی مانند ہے جو بارش سے پیدا ہونے والے سبزے سے بھرا ہوا ہو۔ اس میں نہ تو کوئی کوڑا کرکٹ ہو اور نہ ہی قدموں کے نشان۔

أُنُفاً: شاندار۔ الدِّمنِ: کوڑا کرکٹ۔ معَلَمِ: نشان۔ قدموں کے نشان کا نہ ہونا اس بات کی علامت ہے کہ گھاس بالکل تازہ ہو۔

جادَتْ عَلَيهِ كلُّ بِكْرٍ حُرّةٍ ... فَتركنَ كلّ قَرارَةٍ كالدّرْهَمِ

ہر آزاد بادل نے اسے سخاوت سے (پانی) دیا۔ اس نے ہر گڑھے کو درہم کی طرح کر دیا۔

جادَتْ عَلَيهِ: اس نے سخاوت سے دیا۔ بِكْرٍ: بادل۔ حُرّةٍ: آزاد۔ قَرارَةٍ: گڑھا۔ شاعر نے پانی سے بھرے گڑھے کو چاندی کے سکے سے تشبیہ دی ہے۔

سَحّاً وتَسكاباً، فكُلَّ عَشِيّةٍ ... يَجري عليها الْماءُ لَمْ يَتصَرّمِ

(بادلوں) نے اس پر پانی بہادیا اور یہ ایسا بہا کہ پھر نہ رکا اور بہتا چلا گیا۔

سَحّاً: بہنے والا۔ تَسكاباً: اوپر سے گرتا پانی۔ لَمْ يَتصَرّمِ: یہ نہ رکا اور بہتا چلا گیا

خَلا الذُّبابُ بِها، فَلَيسَ ببارِحٍ ... غَرِداً كَفعلِ الشّارِبِ الْمُتَرَنِّمِ

شہد کی مکھیاں اس کے پاس آئیں۔ وہ واپس جانے والی نہیں ہیں۔ وہ شراب پینے والے کی طرح ترنم سے گاتی ہیں۔

الذُّبابُ: مکھیاں۔ بارِحٍ: واپس جانے والا۔ غَرِداً: گانے والے۔ الشّارِبِ: شراب پینے والا۔ الْمُتَرَنِّمِ: ترنم سے گانے والا

تُمسي وتُصبِحُ فَوقَ ظَهرِ حَشِيّةٍ ... وَأَبيتُ فَوقَ سَراةِ أَدْهَمَ مُلجَمِ

وہ اپنی راتیں اور صبح نرم گدے کے اوپر گزارتی ہے اور میں اپنی رات ادہم نامی لگام کسے گھوڑے کی اونچی پشت پر۔

حَشِيّةٍ: گدا، میٹرس۔ سَراةِ: اونچا۔ مُلجَمِ: لگام کسا۔

تَأْوي لَهُ قُلُصُ النّعامِ كما أَوَتْ ... حِزَقٌ يَمانيةٌ لأَعْجَمَ طِمْطِمِ

(میرا گھوڑا اس) شتر مرغ کی مانند ہے جس کی جانب شتر مرغیاں ایسے آتی ہوں جیسے یمنی اونٹوں کا گلہ توتلے عجمی (چرواہے) کی جانب آتا ہے۔

تَأْوي: وہ آتی ہے۔ قُلُصُ: مادہ۔ النّعامِ: شتر مرغ۔ أَوَتْ: وہ آتی ہے۔ حِزَقٌ: اونٹوں کا ریوڑ۔ طِمْطِمِ: جسے بولنے میں مشکل ہو، توتلا، ہکلا۔ عرب چونکہ کوئی اور زبان نہیں سمجھ سکتے، اس لئے ان کا خیال تھا کہ ہر عجمی گونگا یا توتلا ہوتا ہے۔ اس وجہ سے وہ انہیں 'عجمی' کہا کرتے تھے جس کا مطلب ہی گونگا ہوتا ہے۔ یہاں شاعر نے ڈبل تشبیہ دی ہے۔ پہلے اپنے گھوڑے کو شتر مرغ سے اور پھر شتر مرغ کو عجمی چرواہے سے کیونکہ شتر مرغ بھی عجمیوں کی طرح بول نہیں سکتا۔

صَعْلٍ يَعُودُ بذي العُشَيْرَةِ بَيضَهُ ... كالعَبدِ ذي الفَرْوِ الطّويلِ الأصلَمِ

وہ چھوٹے سر والا (شتر مرغ) ذوالعشیرہ کے مقام پر اپنے انڈوں کی حفاظت کرتا ہے۔ وہ اس غلام کی مانند ہے جس نے پوستین کی ایسی قمیص پہن رکھی ہو جس کی آستینیں طویل ہوں۔

صَعْلٍ: چھوٹے سر والا۔ ذي الفَرْوِ: فر یا پوستین والا۔ الأصلَمِ: آستینیں۔ شتر مرغ اپنے انڈوں کے بارے میں بہت حساس ہوتا ہے اور ان کی حفاظت کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے جنت کی خواتین کو 'چھپائے ہوئے انڈوں' سے تشبیہ دی ہے: **وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ، كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَكْنُونٌ**۔ اس تشبیہ کی وجہ یہ ہے کہ جنت کی خواتین کی حفاظت ان انڈوں کی طرح ہو گی۔ شتر مرغ کی لمبی ٹانگوں اور پروں کی وجہ سے شاعر نے اسے ایسے غلام سے تشبیہ دی ہے جو فر والا ایسا کوٹ پہنے ہوئے ہو جس کی آستینیں لمبی ہوں۔

يُخْبِرْكِ مَنْ شَهِدَ الوَقيعَةَ أنّنِي ... أَغشَى الوَغَى، وأَعفُّ عندَ الْمَغنَمِ
جو شخص جنگ کے موقع پر حاضر تھا، وہ تمہیں بتائے گا کہ میں جنگ میں سب پر غالب تھا مگر غنیمت کی تقسیم کے وقت سب سے زیادہ چشم پوشی کرنے والا بھی میں ہی تھا۔
الوَقيعَةَ : واقعہ، جنگ۔ الوَغَى : جنگ۔ أَعفُّ : سب سے زیادہ چشم پوشی کرنے والا۔ شاعر اپنی شخصیت کا اظہار کرتا ہے کہ وہ صرف بہادری دکھانے کے لئے لڑتا ہے، اسے مال غنیمت سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ عربوں کے ہاں جنگ کی مقصد ہی مال غنیمت حاصل کرنا ہوتا تھا۔
إذْ يتّقُونَ بِيَ الأَسِنّةَ لَمْ أَخِمْ ... عَنْهَا ولكنّي تَضايَقَ مُقَدَمي
جب مجھے ڈھال بنا کر (میرا قبیلہ) تیروں اور نیزوں کی انیوں سے بچ رہا تھا تو میں نے بزدلی نہ دکھائی۔ ہاں میرے سامنے کا راستہ ضرور تنگ ہو گیا تھا (جس کے باعث میں دشمن کی صفوں میں نہ جا سکا)۔
الأَسِنّةَ : تیر اور نیزے کی انیاں۔ لَمْ أَخِمْ : میں بزدل نہ تھا۔ تَضايَقَ : وہ تنگ پڑ گیا۔ شاعر نے لفظ تقوی استعمال کیا ہے جو قرآن میں عام استعمال ہوتا ہے۔ عربی میں اس کا لغوی مفہوم ہے احتیاط کرنا، بچنا، محفوظ رہنا۔ جب کوئی شخص اللہ تعالی کے خوف سے احتیاط کرتے ہوئے گناہوں سے بچتا ہے تو قرآن نے اسے تقوی کہا ہے۔
وَلَقَدْ خَشِيتُ بِأَنْ أمُوتَ، ولَم تَكُنْ ... للحَرْبِ دائرةٌ على ابنَيْ ضَمضَمِ
مجھے صرف ڈر یہ ہے کہ میں مر جاؤں گا اور جنگ ان ضَمضَیم کے لئے مصیبت نہ بن سکے گی۔
دائرةٌ : دائرہ، سرکل، گردش ایام۔ یہ مصیبت کے لئے بطور استعارہ استعمال ہوا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: نَخْشَى أَنْ تُصِيبَنَا دَائِرَةٌ۔ ضَمضَیم کے بیٹے شاعر کے دشمن تھے کیونکہ اس نے ان کے باپ کو قتل کر دیا تھا۔
الشّاتِمَيْ عِرْضِي، ولَم أشتِمْهُمَا ... والنّاذِرَيْنِ إذا لَم أَلْقَهُما دَمي
وہ میری عزت کو گالیاں دیتے ہیں مگر میں ان دونوں کو گالیاں نہیں دیتا۔ اگر میں انہیں نہیں ملتا تو وہ میرا خون بہانے کی منتیں مانتے ہیں۔
النّاذِرَيْنِ : نذر یا منت ماننے والا۔ لَم أَلْقَهُما : میں ان دونوں کو نہیں ملتا۔
إنْ يَفْعَلاَ فَلَقَدْ تَرَكْتُ أَباهُما ... جَزَرَ السّباعِ، وكلِّ نَسْرٍ قَشعَمِ
اگر وہ ایسا کرتے ہیں (تو کیا ہوا) میں نے بھی تو ان دونوں کے باپ کو درندوں کی خوراک بنا دیا تھا، اور ہر گدھ اور شیر کی۔
جَزَرَ : خوراک۔ نَسْرٍ : گدھ۔ قَشعَمِ : شیر۔ سیدنا نوح علیہ السلام کی قوم کے لوگ بھی گدھ نما ایک بت کی پوجا کرتے تھے جس کا نام قرآن میں 'نسر' آیا ہے۔

مُعَلَّقَةُ لِعمرو بن كَلثُوم التغلِبِيّ

عمرو بن کلثوم (م ۵۷۰ء) بنو تغلب کا سردار اور سورما تھا۔ بنو تغلب اور بنو بکر کے مابین بسوس نامی شدید جنگ ہوئی جو کئی سال جاری رہی۔ حیرہ کے بادشاہ منذر نے ان کے مابین صلح کروائی۔ جب منذر کا بیٹا عمرو بن ہند بادشاہ بنا تو دونوں قبیلے کسی معمولی بات پر لڑ پڑے۔ اپنا کیس پیش کرنے کے لئے عمرو بن ہند کے دربار میں دونوں قبیلوں نے اپنے نمائندے بھیجے۔ بنو تغلب نے عمرو بن کلثوم کو اور بنو بکر نے حارث بن حلزہ (جس کی نظم آگے آرہی ہے) کو اپنا نمائندہ بنایا۔ بادشاہ نے حارث کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ اس نظم کا کچھ حصہ ابن ہند کے دربار میں کہا گیا ہے۔ واپس آکر ابن کلثوم نے غصے میں آکر اس نظم میں اضافہ کیا۔

أَلاَ هُبّي بِصَحْنِكِ، فَاصبَحينا ... وَلاَ تُبقي خُمُورَ الأَندَرِينَا

(میری محبوبہ!) اپنے برتن کے ساتھ کھڑی ہو جاؤ اور مجھے شراب پلانے لگو۔ اندرین کی شراب میں سے کچھ نہ چھوڑنا۔

هُبّي : کھڑی ہو جاؤ۔ صَحْنِ : ڈش، برتن۔ الأَندَرِينَ : ایک مقام کا نام۔

أَبا هِندٍ، فَلا تَعْجَلْ عَلَينا ... وَأَنْظِرْنا نُخَبّرْكَ اليَقينَا

ابو ہند! ہمارے خلاف جلدی نہ کیجیے۔ ہمیں مہلت دیجیے۔ ہم یقینی خبر آپ کو دیں گے۔

بِأَنّا نُورِدُ الرّاياتِ بِيضاً ... ونُصْدِرُهنّ حُمرًا قَد رَوِينَا

ہم سفید جھنڈے لے کر (میدان جنگ میں) وارد ہوتے ہیں۔ اسے سیراب کرنے کے بعد ہم انہیں سرخ کر دیتے ہیں۔

رَوِينَا : ہم سیراب کرتے ہیں۔ یعنی دشمن کو اتنا مارتے ہیں کہ سفید جھنڈے ان کے خون سے سرخ ہو جاتے ہیں۔

تَرَكنا الخَيلَ عاكِفَةً عَلَيْهِ ... مُقَلَّدَةً أَعِنّتَها صُفُونَا

ہم نے گھوڑوں کو ان کے سامنے صف بستہ چھوڑ دیا جبکہ ان کی لگامیں ان کی گردنوں میں لپٹی ہوئی تھیں۔

مُقَلَّدَةً : گردن کے گرد لپٹا ہونا۔ أَعِنّة : لگامیں۔ صُفُونَا : صف میں کھڑے۔ لفظ تقلید بھی اسی مادہ سے ہے جس کا معنی ہے اندھا دھند پیروی۔ ایک مقلد اپنے لیڈر کی پیروی اسی طرح کرتا ہے جیسے ایک پٹہ دار جانور اپنے مالک کے پیچھے چلتا ہے۔

وَقَدْ هَرّتْ كِلابُ الحَيّ مِنّا، ... وَشَذَّبْنا قَتَادَةَ مَنْ يَلِينَا

(جب ہم اپنے قبیلے واپس پہنچے تو اتنے اجنبی ہو چکے تھے کہ) قبیلے کے کتے ہم پر بھونکنے لگے۔ جو ہمارے پاس آیا، ہم نے اس کے ہتھیار کاٹ ڈالے۔

هَرّتْ : وہ بھونکے۔ شَذَّبْنا : ہم نے کاٹ ڈالے۔ قَتَادَةَ : ہتھیار۔ يَلِينَا : وہ ہمارے پاس آیا۔ شاعر نے اپنی جنگ میں مشغولیت کا ذکر کیا ہے۔ وہ اتنا عرصہ جنگ میں رہا کہ جب واپس آیا تو اپنے قبیلے کے کتے اسے پہچان نہ سکے اور بھونکنے لگے۔ کتوں کے بھونکنے کو طویل عرصہ تک باہر رہنے کے لئے بطور کنایہ استعمال کیا گیا ہے۔

نُطاعِنُ ما تَراخَى النّاسُ عنّا ... ونَضرِبُ بالسّيوفِ، إذا غُشينَا
ہم نے دور کھڑے لوگوں پر (تیر اور نیزے) برسائے۔ جب وہ قریب آئے تو ہم نے انہیں تلواروں سے مارا۔
تَراخَى :وہ فاصلے پر تھے۔ غُشينَا :ہم قریب ہوئے۔
تَخالُ جَماجِمَ الأبطالِ مِنْهُمْ ... وُسُوقاً بالأماعِزِ يَرْتَمِينا
جب وہ ہمارے سامنے گر رہے تھے تو (اگر تم اس منظر کو دیکھتے تو) خیال کرتے کہ ان کے بہادروں کی کھوپڑیاں جانوروں پر بوجھ تھیں۔
جَماجِمَ: کھوپڑیاں۔ الأبطالِ : بہادر۔ وُسُوقاً : بوجھ۔ الأماعِزِ :جانور۔ يَرْتَمِينا : وہ ہمارے سامنے گرتے ہیں۔ یعنی دشمن کے بہادروں کی کھوپڑیوں کے گرنے کو اس بات سے تشبیہ دی ہے گویا وہ بوجھ ہوں جسے اتار کر پھینکا جا رہا ہو۔
نَشُقّ بِها رُؤوسَ القَومِ شَقّاً ... ونَخْتَلِبُ الرّقابَ فَيَخْتَلِينَا
ہم نے اس قوم کے سر پوری قوت و شدت سے پھاڑ دیے۔ ہم گردنیں اڑاتے تھے اور وہ ہمارے سامنے علیحدہ ہو جاتی تھیں۔
نَخْتَلِبُ :ہم کاٹتے ہیں۔ يَخْتَلِينَا :وہ الگ ہو جاتی ہیں۔ مصدر شقا، شدت کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوا ہے۔
كَأَنَّ سُيُوفَنا فِينَا وَفِيهِمْ ... مَخَارِيقٌ بِأَيْدي لاعِبِينَا
(اصلی) تلواریں ان کے اور ہمارے درمیان ایسے ہیں جیسے ہمارے کھیلنے والے بچوں کے ہاتھ میں لکڑی کی کھلونا تلواریں۔
مَخَارِيقٌ : لکڑی کی کھلونا تلواریں۔ یہ کنایہ ہے کہ ہم اصلی تلواروں کو ایسے چلاتے ہیں جیسے بچے لکڑی کی تلواروں کو۔
وأَمّا يَوْمَ لا نَخْشَى عَلَيْهِمْ ... فَنُمعِنُ غارَةً، مُتلبّبِينَا
جس دن ہمیں ان (کے حملے) کا خوف نہیں ہوتا، تو ہم مسلح ہو کر ان پر آخری درجے کا حملہ کرتے ہیں۔
نُمعِنُ :ہم انتہا تک چلے جاتے ہیں۔ غارَةً :حملہ۔ مُتلبّبِينَا : مسلح ہو کر
أَلا لا يَجْهَلَنْ أحَدٌ عَلَيْنا ... فَنَجهَلَ فوقَ جَهلِ الجاهِلينَا
خبردار! ہمارے خلاف کوئی جہالت نہ کرے ورنہ ہم تمام جاہلوں سے بڑھ کر جاہل ہیں۔
لفظ جہالت کو یہاں تکبر اور اندھی حمایت کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے۔ یہی دور جاہلیت کے عربوں کا کردار تھا۔ اپنے قبیلے پر فخر اور اس کی ہر حالت میں حمایت خواہ وہ حق پر ہوں یا باطل پر۔ اسی وجہ سے اس دور کو 'دور جاہلیت' کہا جاتا ہے۔ یہاں جاہلیت لاعلمی کے معنی میں نہیں ہے بلکہ تکبر و تعصب کے معنی میں ہے۔ ایسے ہی لوگوں سے ملنے پر قرآن نے الگ ہو جانے کا حکم دیا ہے : وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلامًا۔

بِأَيِّ مَشيئَةٍ عَمرَو بنَ هِنْدٍ ... نَكُونُ لِقَيْلكُمْ فيها قَطينَا
اے عمرو بن ہند! یہ کیا خواہش ہے کہ ہم تمہارے گورنر کے فرمانبردار بن جائیں۔ (ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا!!!)
مَشيئَةٍ: خواہش۔ قَيْلكُمْ: تمہارا گورنر۔ قَطينَا: فرمانبردار۔ غالباً یہاں سے وہ اشعار شروع ہوتے ہیں جو شاعر نے واپس آکر کہے۔
تُهَدّدُنَا وتُوعِدُنا، رُوَيداً ... متَى كنّا لأُمّكَ مَقتَوِينَا؟!
تم ہمیں ڈرانے اور دھمکانے کی کوشش کرتے ہو۔ ذرا ٹھہر و تو سہی! ہم تمہاری ماں کے غلام کب سے تھے؟
تُهَدّدُنَا: تم ہمیں ڈراتے ہو۔ تُوعِدُنا: تم ہمیں دھمکاتے ہو۔ رُوَيداً: ذرا ٹھہرو تو سہی۔ مَقتَوِينَا: خادم، غلام۔ لفظ 'رويدا' قرآن مجید میں بھی اسی معنی میں آیا ہے: فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا۔
على آثارِنا بِيض حِسَانٌ ... نُحاذِرُ أَنْ تُقَسَّمَ أَو تَهُونَا
ہمارے پیچھے خوبصورت سفید خواتین ہیں۔ ہمیں یہ ڈر ہے کہ انہیں تقسیم کر دیا جائے گا یا بے عزت کیا جائے گا۔
اس زمانے کی دنیا میں یہ عام رواج تھا کہ دشمنوں پر غلبہ پانے کے بعد ان کی خوبصورت خواتین کو لونڈیاں بنا کر لشکریوں کے درمیان تقسیم کر دیا جاتا۔ اسلام نے ایسی خواتین کو عزت دی، انہیں اپنے آقا کی بیوی قرار دیا اور ان کی آزادی کی راہیں نکالیں۔ جیسے اپنے آقا کا ایک بچہ پیدا کرنے پر وہ آزاد ہو جاتیں۔ انہیں اپنی آزادی خریدنے کا حق دیا گیا اور حکومت نے اس مقصد کے لئے رقمیں فراہم کیں۔
يَقُتْنَ جِيادَنا، وَيَقُلْنَ لَستُمْ ... بُعُولَتَنا إذا لَمْ تَمْنَعُونَا
وہ ہمارے گھوڑوں کو چارہ دیتی ہیں اور کہتی ہیں: 'تم ہمارے خاوند ہی نہیں اگر ہماری حفاظت نہ کر سکو۔'
يَقُتْنَ: وہ چارہ دیتی ہیں۔ جِيادَ: گھوڑے۔ بُعُولَة: خاوند۔ قرآن میں ہے: وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ۔
بِأَنَّا العاصِمُونَ، إذا أُطِعنا ... وَأَنَّا الغارِمُونَ، إذا عُصِينَا
ہم ہی حفاظت کرنے والے ہیں، جب ہماری اطاعت کی جائے اور ہم ہی سزا دینے والے ہیں جب ہماری نافرمانی کی جائے۔
إذا بَلَغَ الفِطَامَ لَنا رَضيعٌ ... تَخِرُّ لَهُ الجَبابرُ ساجِدِينَا
جب ہمارا دودھ پیتا بچہ دودھ پینا چھوڑتا ہے تو بڑے بڑے جابر بادشاہ اس کے سامنے سجدہ ریز ہو جاتے ہیں۔
الفِطَامَ: دودھ چھڑانا۔ تَخِرُّ: وہ گر جاتے ہیں۔ الجَبابرُ: جابر بادشاہ۔ اپنے قبیلے پر فخر و غرور کی انتہا ہے کہ دودھ پیتے بچے کے سامنے بادشاہوں کو سجدہ ریز کروا دیا جاتا ہے۔

مُعَلَّقَةُ لِلحارث بن حِلِّزة اليَشكَري

حارث (م ٥٦٠ھ) کا تعلق بنو بکر سے تھا۔ اس نے عمرو بن ہند کے دربار میں عمرو بن کلثوم کے مقابلے میں اپنا کیس پیش کیا۔ بادشاہ نے اس کی شاعری سے متاثر ہو کر اس کے حق میں فیصلہ دے دیا۔

أيّها الناطقُ الْمُرَقَّشِ عنّا ... عِند عمرٍو وهل لِذاك بقاءُ

اے بہت بولنے والے (عمرو بنِ کلثوم!) عمرو (بن ہند) کے سامنے ہماری بے عزتی کرنے والے! کیا (ایسی جھوٹی شیخی خوری) کی کوئی بقا ہے؟ الْمُرَقِّشِ: بے عزتی کرنے والا، الزام لگانے والا

لا تَخلْنَا على غراتِكَ إنّا ... قبلُ ما قد وَشَى بنا الأعداءُ

اپنے دھوکے میں یہ خیال نہ کرنا اس سے پہلے بھی دشمن ہماری عزت پر حملہ کرنے کی کوشش کر چکے ہیں (اور ناکام رہے ہیں)۔

وَشَى: اس نے عزت خراب کی۔

فكانَّ الْمنونَ تَردِي بنا أرْ ... عن جَونًا ينجابُ عنه العَمَاءُ

گردش ایام ہم پر آ گرتی ہے مگر ہم مضبوط پہاڑوں کی مانند ہیں۔ گھنے بادل (اس پہاڑ کے چوٹی) سے ادھر ادھر ہو جاتے ہیں۔

الْمنونَ: گردش ایام۔ تَردِي: وہ گرتی ہے۔ أرْعن: مضبوط۔ جونًا: پہاڑ۔ ينجابُ: وہ ادھر ادھر ہو جاتا ہے۔ العَمَاءُ: گھنے بادل۔ شاعر نے اپنے قبیلے کی عزت کو پہاڑ سے تشبیہ دی ہے جس کا بادل کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

إرَمِيٌّ بِمثلِه جَالَتِ الْخيل ... وتأبَى لِخصمِها الأجلاءُ

(ہمارے بادشاہ عمرو بن ہند) کا تعلق عاد ارم سے ہے۔ گھوڑے اس کے ساتھ حرکت میں آتے ہیں۔ وہ دشمن کے باعث جلاوطنی قبول نہیں کرتا (بلکہ شدید جنگ کرتا ہے)۔

إرَمِيٌّ: عاد ارم سے تعلق رکھنے والا۔ عرب کی قدیم قوم۔ قرآن میں ہے: أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ؟ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ۔ جَالَتِ: وہ حرکت میں آتے ہیں۔ الأجلاءُ: جلاوطنی۔

مِلكٌ مُقسطٌ وأفضلُ مَن يَمشِي ... ومِن دون ما لَدَيهِ الثناءُ

وہ ایک انصاف پسند بادشاہ ہے اور ہر اس شخص سے بہتر ہے جو چلتا ہے۔ وہ تمام تعریفوں سے ماوراء ہے۔

لفظ 'مقسط' قرآن مجید میں عام استعمال ہوتا ہے: فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ۔ ان اشعار سے لگتا ہے کہ شاعر نے بادشاہ کے ہاں چاپلوسی کی انتہا کر دی جس کے باعث فیصلہ اس کے حق میں ہو گیا۔

أيّمَا خُطَّةٌ أرَدتُم فأدُّو ... ها إلينا تَشفَى بِها الأملاءُ

(ہم اتنے عقل مند منصوبہ ساز ہیں کہ) کوئی بھی پراجیکٹ تم ہمیں دے دو۔ ہر شخص کو ہم اس سے مطمئن کر دیں گے۔

خُطَّةٌ: پراجیکٹ، منصوبہ۔ تَشفَى: وہ مطمئن ہوتا ہے۔ الأملاءُ: عام لوگ۔

إنْ نَبَشتُم ما بيْن مِلحَةِ فالصا ... قِب فيهِ الأمواتُ والأحياءُ

اگر تم ملحہ اور صاقب کے مابین زمین کھودو گے تو تمہیں اس میں مردہ اور زندہ ملیں گے۔

نَبَشتُم: تم کھودو۔ عربوں کا یہ خیال تھا کہ اگر مقتول کا انتقام نہ لیا جائے تو اس کی روح منڈلاتی رہتی ہے اور اسے سکون نہیں آتا۔ اس وجہ سے ان کے ہاں انتقام لینے کی بہت اہمیت تھی۔ شاعر کہتا ہے کہ ابھی بہت سے لوگ زندہ ہیں یعنی ان کی روحوں کو سکون نہیں آتا کیونکہ ان کا انتقام نہیں لیا گیا۔ یہ دشمن کے لئے ایک ان ڈائرکٹ دھمکی ہے۔

أو مَنعتُم ما تُسألُونَ فمَن حدَّ ... ثتُمُوهُ له علينا العلاءُ

جس (صلح) کا تم سے مطالبہ کیا جا رہا ہے، اگر تم اس سے منع کر سکتے ہو تو ایسا کون سا قبیلہ تم بیان کر سکتے ہو جسے ہم پر غلبہ حاصل ہوا ہو؟

ليس يُنجِي الذي يُواثِلُ منّا ... رأسُ طَودٍ وحَرَّةٌ رَجلاءُ

جو شخص ہم سے فرار ہوتا ہے، وہ پہاڑ کی چوٹی پر یا آتش فشانی علاقے میں چھپ کر بھی ہم سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔

يُواثِلُ منّا: وہ ہم سے فرار ہوتا ہے۔ طَودٍ: پہاڑ۔ حَرَّةٌ: آتش فشانی علاقہ۔ رَجلاءُ: چھپا ہوا۔

كتكاليفِ قومِنا إذ غَزَا الْمُنذِرُ ... هل نَحنُ لابنِ هندٍ رِعَاءُ

جب منذر نے جنگ کی تو کیا تمہاری قوم نے بھی ایسی تکالیف برداشت کی تھیں۔ کیا ہم ابن ہند کے چرواہے ہیں؟

شاعر دشمن قبیلے کے مقابلے میں بادشاہ منذر سے اپنی دوستی کو بیان کر رہا ہے کہ ہم نے ہر مشکل وقت میں منذر اور اس کے بیٹے کا ساتھ دیا۔ ہم نے ایسا دوستی میں کیا۔ ہم ان کے چرواہے نہیں ہیں۔ ان جنگوں میں عمرو بن کلثوم کے قبیلے نے منذر سے غداری کرتے ہوئے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا تھا اور اس کا ساتھ نہ دیا تھا۔ اس کی پاداش میں منذر نے ان کے بہت سے لوگوں کو قتل کروا دیا تھا۔ شاعر اس واقعے کی طرف اشارہ کر کے مخالف قبیلے پر طنز کر رہا ہے۔

فهَدَاهُم بالأسودَينِ وأمرُ ... اللهِ بَلَغٌ تَشفَى به الأشقياءُ

(عمرو بن ہند نے) دو سیاہ چیزوں (پانی اور کھجور) کے ساتھ قیادت کی۔ اللہ کا حکم پورا ہوا اور مجرم کیفر کردار کو پہنچے۔

بَلَغٌ: پورا ہونا۔ تَشفَى: اسے نقصان پہنچا، وہ کیفر کردار کو پہنچا۔ الأشقياءُ: مجرم۔ دو سیاہ چیزیں یعنی پانی اور کھجور اس جنگی مہم کی مشکلات کے لئے بطور کنایہ استعمال ہوئے ہیں کہ ہم نے شدید حالات میں جنگ کی۔

لَم يغرُّوكُم غُرُورًا ولكن ... رَفَعَ الآلُ شخصَهُم والضحاءُ
انہوں نے تمہیں دھوکہ نہ دیا بلکہ صبح کے وقت اپنی شخصیتوں کو واضح کر کے حملہ کیا جب ریت سراب بن چکی تھی۔
الآلُ : سراب۔ شاعر کہتا ہے کہ ہم بزدل نہیں ہیں کہ رات کو حملہ کریں۔ ہم صبح کے وقت حملہ کرتے ہیں جب دشمن کو یہ واضح ہو کہ ہم کون ہیں۔
فَرَددنَاهُم بِطعنٍ كما يَخرُجُ ... مِن خربةِ الْمزادِ الْماءُ
ہم نے انہیں زخم لگائے اور (خون ایسے نکلا) جیسے پانی مشکیزے کے سوراخ سے باہر نکلتا ہے۔
خربةِ :سوراخ۔ الْمزادِ :مشکیزہ۔
وأقَدْنَاهُ ربَّ غَسَّانٍ بالْمنذرِ ... كرهًا إذ لا تُكالُ الدِماءُ
ہم نے زبردستی شاہ غسان سے منذر کا انتقام لیا۔ اس وقت جب خون ناقابل پیائش ہو چکا تھا۔
أقدنَاهُ : ہم نے اس کا انتقام لیا۔ تُكالُ :اس کی پیائش کی جاتی ہے۔ جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے کہ حیرہ ایران کی وفادار سلطنت تھی اور غسان روم کی۔ یہ آپس بھی لڑتے رہتے تھے اور ان کے حلیف قبیلے ان کے ساتھ جنگ کیا کرتے تھے۔ ایک جنگ میں غسانیوں نے منذر کو قتل کر دیا۔ شاعر کے قبیلے نے غسانیوں پر حملہ کر کے منذر کا انتقام لیا۔ خون کے ناقابل پیائش ہونے کو جنگ میں بے پناہ قتل عام کے کنایہ کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔
ومثلها تَخرُجُ النصيحةُ للقو .... مِ فلاةٌ من دونِها أفلاءُ
ایسے ہی تعلق سے قوم کی خیر خواہی نکل کر سامنے آتی ہے۔ رشتوں کے علاوہ اور رشتے ہوا کرتے ہیں۔
فلاةٌ :رشتہ، جمع أفلاءُ۔
وهو الربُّ والشهيدُ على يَو ... مِ الْحيارِينَ والبلاءُ بلاءٌ
وہی (عمرو بن ہند) پالنے والا ہے اور حیارین کی جنگ کا گواہ ہے۔ اس دن کی مصیبت بہت بڑی مصیبت تھی۔
یہاں لفظ بلاءٌ کو بطور اسم نکرہ استعمال کر کے اس مصیبت کے شدید ہونے کو بیان کیا گیا ہے۔

چیلنج! آپ نے دو ایسے شاعروں کی نظمیں پڑھی ہیں جن میں انہوں نے اپنے اپنے قبیلوں پر فخر کا اظہار کیا ہے۔ دونوں کا موازنہ کیجیے اور ہر ایک کی خوبیاں اور خامیاں بیان کیجیے۔ اگر آپ کو عربی شاعری میں دلچسپی محسوس ہوئی ہو، تو پورے سبع معلقات کا مطالعہ کیجیے۔ اس کے علاوہ دیوان حماسہ کا مطالعہ بھی کیجیے جس میں غیر معروف شعراء کا جنگی کلام موجود ہے۔ اس کے علاوہ 'جمہرۃ اشعار العرب' کا مطالعہ کیجیے جس میں پوری جاہلی شاعری کو اکٹھا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اگلا ماڈیول۔۔۔۔AT13

اگلا ماڈیول AT13 ہے، جس کی کچھ جھلکیاں یہ ہیں:

- اسالیب القرآن، قرآن مجید کے اسلوب بیان پر تیرہویں صدی میں لکھی گئی ایک تحریر
- سورۃ سبا تا سورۃ الزمر
- سورۃ المومن تا سورۃ الحجرات

اس ماڈیول کے اختتام پر آپ ان شاء اللہ سورۃ الفرقان (نمبر 25) سے لے کر سورۃ الناس (نمبر 114) تک کا مطالعہ عربی میں کر چکے ہوں گے۔ اس کے علاوہ پہلی 24 سورتوں کے متعدد اقتباسات بھی اس پروگرام میں شامل ہیں۔ یہ قرآنی عربی پروگرام کا آخری ماڈیول ہو گا۔

علوم اسلامیہ پروگرام(Islamic Studies Program)کے کورسز